حضرت مولانا عبد الرشید انصاری صاحب مدظلہٗ (ماہنامہ نور علی نور، کراچی) نے فرمایا کہ صبح وشام ضرور پڑھا کریں۔

”اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ مَا خَلَقَ. مَا شَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَ مَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَ اَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ.“

گھر سے جادو جنات کو نکالنا

مولانا قاری احسان الحق صاحب مدظلہ، جامع مسجد حق چار یارؓ، پنڈ گدوال ڈاکخانہ 1-26 واہ کینٹ تحصیل ٹیکسلا نے ۲۴ دسمبر ۲۰۰۲ء کو ارشاد فرمایا کہ جس گھر میں جنات یا جادو کا اثر ہو، اس گھر میں سورۃ البقرہ کی کیسٹ چلائیں۔ ان شاء اللہ جادو جن کے اثرات ختم ہوجائیں گے۔

جنات سے بچاؤ کے وظائف

افتخار الحسن رضوی صاحب

عمل نمبر 1: جس گھر یا جگہ پر جنات کا سایہ موجود ہو، وہاں مقیم تمام انسان باوضو رہیں۔ جسم ولباس پاک رکھیں۔ روزانہ صبح وشام 7-7 مرتبہ اذان کہیں۔ اذان کہتے وقت منہ قبلہ رخ رکھیں۔ ہاتھ کانوں تک اٹھانے کی ضرورت نہیں۔ اذان کے ساتھ سورۂ مؤمنون کی آخری چار (4) آیات سات (7) مرتبہ پڑھیں۔ سورہ مؤمنون کی آیات ذیل میں ہیں:

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۚ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ (المؤمنون:۱۱۵-۱۱۸)

اگر جنات کا حملہ شدید ہو اور بار بار تنگ کریں تو ہر پندرہ (15) منٹ بعد اس عمل کو دہرائیں۔ کوئی قید نہیں کہ کتنی بار کرنا ہے۔ جتنا زیادہ ہوگا، اتنی جلدی خلاصی ہوگی۔ چاہیے یہ کہ اس عمل کو لمبے عرصے تک جاری رکھا جائے تاکہ مستقل نجات ملے۔

عمل نمبر ۲: سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق اور سورۃ الناس گیارہ گیارہ (11-11) مرتبہ صبح وشام۔

عمل نمبر ۳: سورۃ البقرۃ روزانہ زیادہ سے زیادہ پڑھیں۔ یا پھر کم از کم ایک مرتبہ ضرور پڑھیں۔

عمل نمبر ۴: روزانہ گھر پر فاتحہ کا اہتمام کریں اور اس کا ایصال ثواب تمام انبیاء ورسل علیہم السلام، سید المرسلین ﷺ، اولاد واصحاب رسول، رضوان اللہ علیہم اور اولیاء امت خصوصاً سیدنا غوث الاعظم وامام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کو پیش کریں۔

بندش و جادو سے نجات کے عملیات

حاجی کاشف صاحب

گھر سے ہر قسم کے جادو اور بندش کو نکالنا

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ (یونس:۸۱)

روزانہ ایک ہزار (1000) مرتبہ یہ آیت پڑھ کر پانی پر دم کر دیں اور گھر میں چھڑکنا شروع کر دیں۔ خود محسوس کریں گے جادو بندش کیسے بھاگے گی۔ عمل مدت گیارہ (11) دن۔

رشتے کی بندش کا توڑ

سورۂ ناس ایک سو ایک (101) بار، سورۂ فلق ایک سو گیارہ (111) بار، سورۂ کافرون ایک سو ایک (101) بار۔ ان سب کو چھوٹی الائچی اور پانی پہ دم کر کے دیں۔ الائچی کھانی اور پانی پینا ہے۔ گیارہ (11) سے اکیس (21) دن میں جو بندش رشتوں کی ہوگی، ختم ہو جائے گی۔ صدقہ اس بچی کے وزن کے جتنا گندم یا آٹا کسی یتیم بیوہ کو دے کر یہ استعمال کروایا جائے اور جیسے ہی اس کی شادی ہو، پھر بھی اتنا گندم یا آٹا یا اس کی قیمت کے پیسے یتیم مسکین کو دے دیں۔ سورۂ فتح ایک (1) بار پڑھ کر اس کو نبی کریم ﷺ کو ہدیہ کریں۔ کسی بھی وقت دن میں پڑھیں۔ اور ہر قسم کا تعویذ دھاگہ لڑکی کے پاس ہو، وہ اتروا دیں۔

بندش، رجعت، نحوست سے نجات

اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ دورود پاک ابراھیمی، ایک مرتبہ سورۂ مزمل ایک مرتبہ سورۂ رحمٰن۔ اس طرح 7 بار سورۂ مزمل، 7 بار سورۂ رحمٰن پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ پھر گیارہ مرتبہ آیت الکرسی اور چاروں قل گیارہ مرتبہ یہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پانی پئیں اور گیارہ دن اسی پانی سے غسل بھی کر لیں۔ ناغہ نہیں کرنا۔ عمل شروع کرنے سے پہلے اور بعد میں حسب توفیق صدقہ دیں۔

بچوں پر سوکھے پن کے جادو کا طلسماتی علاج

سید فیض احمد شاہ نقوی البخاری مرحوم

اس عمل میں ہم سوکھے پن کے ایسے متاثرہ بچے جو سحر و جادو کی وجہ سے لاعلاج ہو جاتے ہیں، ان کے روحانی علاج کے سلسلے میں طلسماتی معالجات کا ذکر کرنا چاہتے ہیں اور یہی ہمارا حقیقی موضوع ہے۔ نوامیس رمانی جو طلسماتی عملیات و اوراد کا ایک مستند ترین مجموعہ ہے، اس میں سوکھے پن کے سلسلے کے جن عملیات و معالجات کو درج کیا گیا ہے، ان میں سے ذیل کا طریقۂ عمل جو میرے نزدیک اپنے سلسلے کا آسان ترین اور کارآمد عمل ہے، درج ذیل ہے:

ترکیب عمل کے مطابق عامل جس عورت کے سوکھے ہوئے بیمار بچے کا علاج معالجہ کرنا چاہے، اسے حکم دے کہ وہ اپنے دودھ پر ذیل کے طلسمات کو نو (9) بار پڑھ کر پھونکے اور اس دودھ کے برابر دودھ میں روغن زیتون و یاسمین شامل کر کے اس مرکب کی مریض بچے کے تمام جسم پر خوب مالش کرے۔ اس عمل کو نو (9) روز تک مسلسل بجالائے تو سوکھتا ہوا بچہ خدائے تعالےٰ کے فضل و کرم سے صحت یاب ہونا شروع ہو جائے گا۔ یہاں تک کہ اس مریض بچے پر ایک چلہ کامل بھی نہیں گزرنے پائے گا کہ وہ سوکھے پن کے لاعلاج عارضہ کے عفریت سے بچ نکلے گا۔ نوامیسِ رمانی میں مندرجہ اس ترکیب کی شرائط کے مطابق یہ ضروری قرار دیا گیا ہے کہ اس علاج کے بجالاتے ہوئے سوکھے بچے کی والدہ نہ صرف اسے عمل کے دوران ہی اپنا دودھ پلانا بند کر دے بلکہ ہمیشہ کے لیے اس بچے کی گائے وغیرہ کے دودھ پر پرورش کی جائے۔ عمل کے کلمات حسب ذیل ہیں:

ثَوْثَیَابَاھَوْھَیَابَاعَوْعَیَابَا۔

شیطان اور اس کے توابع سے حفاظت کا خاص حجاب

محمد عارف (لاہور)

یہ حجاب شیطان اور اس کے توابع (تابع مخلوق) اور اس کی ذریت سے حفاظت کے لیے بہت مجرب ہے۔ اس حجاب کو بغیر لکیر کے پاک سفید کاغذ پر زعفران، عرق گلاب اور مشک والی روشنائی سے لکھنا ہے۔ اس کو بخور "حب الرشاد" کا دینا ہے اور بخور کے درمیان تھوڑی سی کستوری (مشک) بھی رکھ دی جائے۔ پھر اس کو موم جامہ کرکے طالب دائیں بازو پر باندھے۔ لکھنے والے کے لیے شرط ہے کہ پاک بدن، پاک جگہ اور نیک نیت سے لکھے۔ اللہ ہی شفا دینے والا ہے۔ لکھنے والا کلام مندرجہ ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم وصلی اللہ علی سیدنا محمد وعلی الہ وصحبہ وسلم اللہ لا الہ الا هو الحی القیوم لا تاخذہ سنة ولا نوم لہ ما فی السماوات وما فی الارض من ذا الذی یشفع عندہ الا باذنہ یعلم ما بین ایدیھم وما خلفھم ولا یحیطون بشیء من علمہ الا بما شاء وسع کرسیہ السماوات والارض ولا یؤدہ حفظھما وھو العلی العظیم بسم اللہ وباللہ ومن اللہ والی اللہ ولا غالب الا اللہ لا یفوتہ ھارب وھو الحی القیوم اعیذ فلان ابن فلانة باللہ الذی لا الہ الا ھو عالم الغیب والشھادة ھو الرحمان الرحیم واعیذہ بکلمات اللہ التامة واسمائہ العامة من شر السامة والھامة والعین اللامة ومن شر ابی مرة وما ولد منہ ومن شر النفاثات فی العقد ومن شر حاسد اذا حسد واعیذہ باللہ رب العالمین رب الملائکة والروح رب العرش العظیم وبحق اھیا شر اھیا ادونای اصباؤت ال شدای واعیذہ باللہ وبنور عرش اللہ الذی لا یتحول والعین التی لا تنام والملک الذی لا یرام والحی الذی لا یضام والقیوم الذی لا یغلب واعیذہ برب جبریل ومیکائیل واسرافیل وعزرائیل ورب الملائکة الذی یسبحون لہ وبالاسم الذی استنارت بہ الشمس واضاء بہ القمر وبالاسم الذی ھو مکتوب تحت العرش وبالاسم الذی نزل بہ جبریل ومیکائیل واسرافیل وعزرائیل علی محمد خاتم النبیین یوم الاثنین وبالاسم الذی خلق بہ ملائکتہ وثبتت بہ حملة العرش وبالاسماء المکتوبة فی قلب الشمس واعیذہ باللہ وبکھیعص وطہ ویس وحمعسق وبالاسم المخزون المکنون المبارک الطاھر المطھر القدوس المقدس نور علی نور وبالاسم الذی سمی بہ نفسہ واستولی علی عرشہ وبالاسم الذی اقام بہ سماواتہ وبالاسم الذی فرق بہ البحر لموسی وبالاسم المکتوب علی عصاہ وبالاسم الذی یمشی بہ عیسی علی البحر وبالاسم المکتوب علی ورق الزیتون. فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم. واعیذہ باسم اللہ الکریم الجلیل وبالاسم الذی وضع علی الارض فاستقرت وعلی الجبال فرست وعلی الانھار فجرت وعلی النھار فاستنار وعلی اللیل فاظلم واعیذہ بما استغاث بہ ادم وشیث وادریس ونوح ولوط وابراھیم واسماعیل واسحاق ویعقوب والاسباط وموسی وعیسی وھارون وداود وسلیمان وزکریاء ویحیی وھود وشعیب وصالح والیاس والیسع وایوب ویوسف وعمران وذو القرنین وذو النون وذو الکفل وطالوت ودانیال وعزیز ومحمد صلی اللہ علیہ وسلم وباللہ العلی فوق کل شیء القاھر لکل شیء من انس وجن وتابع وتابعة وساحر وساحرة وعین باغیة واذن سامعة والسن

(بقیہ ص 12)

روحانی علاج گاہ نے ماہر عاملین نے مہندی پر کئی خاص دم کیے ہیں۔ اس مہندی کا پابندی سے استعمال کرنے سے لڑکی کا جلد ہی کسی اچھی جگہ رشتہ طے ہوجاتا ہے۔

یہ روحانی مہندی ان خواتین کے لیے نہیں جو کسی بھی قسم کے بداثرات (جادو، جنات، شیاطین، نظربد، حسد) کا شکار ہوں۔ ایسی خواتین پہلے بد اثرات کا علاج کروائیں، پھر اس مہندی کو استعمال کریں۔ ان شاء اللہ، ان کی دلی مراد پوری ہوگی۔

اس روحانی مہندی کو ہاتھوں اور پیروں پر لگانا ہوتا ہے۔ مکمل طریقہ استعمال روحانی مہندی کے ساتھ دیا جاتا ہے۔ (قیمت: 320 روپے)

روحانی علاج گاہ
0342-7772772 | 042-35420586 | ruhaniilajgah
0324-7772772 | ruhaniilajgah
darulamal.org/ruhaniilajgah | ruhaniilajgah@gmail.com

روحانی نمک (4) برائے غسل

ہر قسم کے بداثرات (جادو، جنات، آسیب، شیاطین، نظربد، حسد) سے نجات کے لیے

یہ ایک خاص قسم کا نمک ہے جس پر روحانی علاج گاہ نے ماہر عاملین کے کئی خاص دم کیے ہیں۔ یہ روحانی نمک تمام ایسے افراد کے لیے ہے، جو کسی بھی قسم کی بندش کا شکار ہیں یا پھر ان کے جسموں پر جادو، جنات، شیاطین، نظربد یا حسد کے اثرات ہیں۔

بالٹی میں پانی ڈال کر اس نمک کو ملائیں اور غسل خانہ میں اپنے اوپر بہائیں۔ ان شاء اللہ، چند بار کے استعمال سے بندشیں دور ہوں گی، بد اثرات سے نجات ملے گی۔ (قیمت 275 روپے)

روحانی علاج گاہ
0342-7772772 | 042-35420586 | ruhaniilajgah
0324-7772772 | ruhaniilajgah
darulamal.org/ruhaniilajgah | ruhaniilajgah@gmail.com

روحانی ڈوری برائے دفع جنات، جادو و ہر قسم بداثرات

اس ڈوری پر روحانی علاج گاہ کے عاملین نے کئی ایسے کلاموں کے دم کیے ہیں، جو جادو اور جنات وشیاطین کے بداثرات دور کرنے میں بہت مفید ہیں۔ تمام دم کرنے والے افراد ان اعمال کے خود بھی عامل ہیں جن کی وجہ سے ڈوری کی افادیت مزید بڑھ گئی ہے۔

جادو، جنات، آسیب، شیاطین، نظربد، حسد، گھر میں بے اتفاقی، لڑائی جھگڑے، گھر کا بھاری پن، گھر میں رہنے والوں میں بے چینی کی کیفیت، گھر سے بھاگنے کو دل کرنا، گھر میں یا جگہ پر تعویذات، انڈے، دال، مٹی، گوشت وغیرہ پڑے ملنا، ڈراؤنے خواب، معاملات میں رکاوٹیں، مسلسل ناکامیاں اور اس طرح کی دیگر کئی علامات کے لیے اس ڈوری کا استعمال بہت مفید ہے۔

شریر جنات، چڑیل، ڈائن، چلاونس، دیو پری وغیرہ منفی قوتوں کے اثرات سے متاثر مریض کو یہ ڈوری پہنا دی جائے، ان شاء اللہ تعالیٰ عزوجل جنات بھاگ جائیں گے اور جب تک وہ ڈوری مریض کے پاس رہے، مریض منفی قوتوں کے اثرات سے محفوظ رہے گا۔ ان شاء اللہ

ہدیہ: 300 روپے

روحانی دکان دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0320-4312272
0334-4312272 | 042-35420586
www.ruhanishop.com | ruhanishop@gmail.com
ruhanishop | ruhani.shop | ruhani-shop

روحانی مرچیں برائے نظربد

ہدیہ 290 روپے

نظربد نے ہر طرف تباہی و بربادی پھیلائی ہوئی ہے۔ ہر شخص ہی نظربد کا شکار ہے۔ نظربد جادو جنات سے زیادہ خطرناک ہونے کے باوجود اس کے علاج، توڑ اور خاتمے کی طرف ہماری توجہ بالکل ہی نہیں ہے۔ دارالعمل چشتیہ کی روحانی علاج گاہ نے انسانی نظربد، جناتی نظربد، شیطانی نظربد، آسیبی نظربد، پرانی نظربد، حاسدوں کی نظربد، عملیاتی مخالفوں کی وجہ نظربد، جادو کی وجہ سے نظربد۔ اس شدید ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے روحانی مرچیں خاص روحانی دم سے تیار کروائی ہیں۔ اب آپ روحانی مرچیں منگوا کر استعمال کریں اور اثرات نظربد سے جان چھڑا سکتے ہیں۔

روحانی دکان
0320-4312272 | 0334-4312272 | 042-35420586
ruhanishop | ruhani.shop | ruhani-shop
www.ruhanishop.com | ruhanishop@gmail.com

سورۂ مزمل کا حاضرات کا عمل

شفیع الدین نظامی رحمہ اللہ

باپرہیز کامل نوچندی شب جمعرات سے کامل تنہائی میں بعد نماز عشاء اکتالیس (41) بار روزانہ سورۂ مزمل اکیس (21) روز تک پڑھیں۔ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ (11،11) بار ضرور پڑھیں۔ بہتر یہ ہے وہیں سو جائیں۔ کسی سے بات نہ کریں۔ صبح کی نماز کے بعد تین (3) بار سورۂ مزمل ضرور پڑھیں۔ بعد زکوۃ آپ آئینہ کی حاضرات کے عامل ہو گئے۔ تین (3) بار روزانہ کا ورد رکھیں۔ حاضرات کا طریقہ ملاحظہ فرمائیں۔

کسی سمجھدار نابالغ بچے یا بچی کو صاف ستھرا آئینہ دے کر سامنے بٹھائیں اور تلقین کریں کہ اپنے عکس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھے اور آپ تین (3) بار درود شریف، تین (3) بار الحمد للہ، تین (3) بار سبحان اللہ، پھر تین (3) بار درود شریف پڑھ کر باری باری معمول کی پیشانی پر دم کریں۔

(الف) خاکروب آکر جھاڑو دے (ب) ماشکی آکر چھڑکاؤ کرے۔

(ج) شاہ جنہ کا تخت آئے (د) شاہ اجنہ شریف لائیں۔

جب تک پہلے حکم کی تعمیل نہ ہو، اگلا حکم نہ دیں۔ جب شاہ اجنہ آجائے تو معمول کے ذریعے سوال کرے۔ ان شاء اللہ مکمل اور صحیح جواب ملے گا۔ ایک معمول کے ذریعے صرف تین (3) سوال کئے جاسکتے ہیں۔ مزید سوالات کرنے کیلئے دوسرا معمول ہونا چاہیے یا اسی معمول کو ایک گھنٹہ آرام دے کر دوبارہ بٹھالیں۔ کام ہونے کے بعد شاہ اجنہ کو سلام کر کے شکریہ ادا کریں اور جانے کی اجازت دے دیں۔ مجرب و مصدقہ عمل ہے۔

کیا منتر پڑھنا شرک ہے؟

ایک صحابی حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ نے جب جاہلیت کے کچھ منتروں کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مجھے اپنے دم، منتر بتاؤ کیونکہ جب تک ان میں کوئی شرکیہ بات نہ ہو تو ان کے کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ (صحیح مسلم)

حصول انعام بذریعہ عمل ہمزاد

حکیم محمد نعیم الحسن قادری (رائے ونڈ)

عزیمت عمل: عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ وَ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَاقَوْمِ هَمْزَادْ انعامی نمبر حاضر ہو کر بتا بحرمة لا اله الا انت سبحانك انی كنت من الظلمين. العجل. الساعة. الوحا.

ترکیب و طریقہ عمل: نوچندی جمعرات بعد نماز عشاء ایک پاک اور صاف ستھری جائے نماز بچھا کر پہلے جگہ کو خوشبودار اگربتی سے معطر کریں۔ باوضو ہو کر خود پر عطر لگا کر منہ مغرب کی طرف کر کے اپنے اردگرد مخصوص حصار تین (3) مرتبہ پڑھ کر آہنی چاقو پر دم کر کے کڑا لگائیں۔ چاقو بالکل نیا ہونا چاہیے، جس سے کوئی چیز نہ کاٹی گئی ہو۔ پھر اس حصار میں بیٹھ کر اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ (11،11) مرتبہ کے ساتھ عمل مکمل یکسوئی کے ساتھ گیارہ سو (1100) بار چراغ سامنے رکھ کر پڑھیں۔ نئے چراغ میں روغن چنبیلی ڈال کر روشن کر کے سامنے رکھنا ہے۔

چراغ روشن رہنا چاہیے۔ جب عمل مکمل ہو جائے وہیں کمرہ میں زمین پر سو جائیں۔ یاد سے حصار کافی کھلا لگائیں۔ اس طرح سات (7) یا گیارہ (11) یوم تک ورد کرنا ہے۔ آخری روز آپ کا ہمزاد سامنے آئے گا اور درست نمبر ان شاء اللہ تعالیٰ بتا کر چلا جائے گا۔ اگر آخری روز نہ آئے تو اسی مصلے پر سو جائیں۔ جب صبح اٹھیں گے تو چراغ کے اندر نمبر لکھا ہوا ہو گا۔ بعض اوقات خواب میں نمبر مل جاتا ہے۔ اس لیے جو مشاہدات ہوں وہ استاد کو بتائیں۔ بعض اوقات روحانیات کی کمی ہو تو سامنے نہیں آتا، لکھ کر چلا جاتا ہے۔ پرہیز گوشت ہر قسم کا، مچھلی، انڈا، کچا پیاز، لہسن اور بدبودار اشیاء۔ جماع سے مکمل پرہیز رکھیں (عطیہ اسداللہ سلیمانی عامل جھنگ صدر)

نوٹ: یہ عمل صرف اس انعامی نمبر کے لیے کیا جائے، جس کی شریعت میں اجازت ہے۔ عموماً ایسے انعامی نمبر کا معاملہ حرام کا ہی ہوتا ہے۔ اس لیے پہلے کسی مستند مفتی صاحب سے فتویٰ لے لیا جائے۔ خ

حصولِ عزت، تسخیر اور اپنے اوپر مہربان کرنے کے عملیات

مولانا محمد ابراہیم صاحب دہلوی رحمہ اللہ

دلوں میں تسخیر

صبح صادق کے بعد سے سورج نکلنے تک بے تعداد ”یَاقَیُّوْمُ“ کا پڑھنا دلوں کو تسخیر کے لیے اکسیر ہے۔ اور بزرگانِ دین کا مجرب ہے۔

خلقت کی نظروں میں عزت اور وقار

تین ہزار (3000) دفعہ عشاء کی نماز کے بعد ہمیشہ ”یَامَاجِدُ“ کا پڑھنا خلقت کی نظروں میں بہت بڑی عزت اور وقار پیدا کرتا ہے۔

کسی خاص شخص کو مسخر کرنا تاکہ کام کردے

جو شخص ”یَااَحَدُ“ کو نوے (90) مرتبہ پڑھ کر کسی کام کے لیے یا کسی شخص کی ملاقات کو جائے گا، نہایت عزت کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ وہ کام بھی نہایت سہولت سے ان شاء اللہ بن جائے گا۔

کسی خاص شخص کو اپنی طرف متوجہ کرنا

اگر کسی شخص کو اپنی طرف متوجہ کرنا منظور ہو، کسی شیرینی پر نو (9) مرتبہ ”یَامُقَدِّمُ“ کو پڑھ کر وہ شیرینی اُسے کھلائی جائے۔ بفضلہ تعالیٰ جلد ہی وہ کھانے والا، کھلانے والے کی طرف میلان کرے گا۔

تنبیہ: اللہ تعالیٰ کے ناموں سے کوئی بھی شرعاً ناجائز کام لینا سخت منع ہے۔ انجام کار ایسا شخص اندھا ہو کر مرے گا۔

خلقت کو مہربان کرنا

خلقت کے مہربان کرنے کے لیے ایک سو گیارہ (111) مرتبہ سورج نکلنے سے پہلے ہر روز ”یَااَوَّلُ“ کا پڑھنا نہایت مفید ہے۔

شادی کے مجرب عملیات

حضرت مولانا احماد اللہ درخواستی مدظلہ العالی

شادی کی ہر طرح کی رکاوٹ کا خاتمہ

اکتالیس (41) دن سورۂ فتح اکتالیس (41) مرتبہ پڑھیں۔ اسم اعظم و دعا خضری ساتھ پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف پڑھیں۔

کسی خاص جگہ پر شادی ہو جائے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ تین سو تراسی (383) مرتبہ روزانہ پڑھے اور خاص جگہ کا تصور کرے۔ اوّل و آخر گیارہ (11) مرتبہ درود شریف۔

شادی کے لیے راضی کرنا

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ﴿٩٦﴾ (مریم: ۹۶)

یہ آیت بعد نماز عشاء تا صبح پڑھتا رہے اور نیند نہ کرے۔ پھر مٹھائی پر دم کر کے کھلائے۔ نہ ماننے والے مان جائیں گے۔

شادی کے لیے راضی کرنا

اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٦٥﴾ (یس: ۶۵)

سات (7) مرتبہ پڑھیں۔ اوّل و آخر تین (3) مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ جو نہ ماننے والے ہیں، مان جائیں گے۔

کسی خاص جگہ پر شادی ہو جائے

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿١٢٩﴾ (التوبہ: ۱۲۹)

عصر کے بعد ہر روز بلا ناغہ دو (2) تسبیح (200) پڑھیں اور خاص جگہ کا تصور کریں۔ کام ہو جائے گا۔

رزق میں برکت کے اعمال

مرتب: محمد عارف

چاشت کی نماز اور رزق میں برکت

حضرت شفیق بلخی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں، ہم نے پانچ چیزوں کی خواہش کی تو وہ ہم کو پانچ چیزوں میں دستیاب ہوئیں۔ (اس میں سے ایک یہی ہے) کہ جب ہم نے روزی میں برکت طلب کی تو ہم کو نمازِ چاشت پڑھنے میں میسر ہوئی (یعنی رزق میں برکت پائی)۔

(ملخص از فیضانِ سنت باب فضائل نوافل ص ۱۰۱۱)

درود شریف اور رزق میں برکت

ایک نیک آدمی تھا۔ اس نے غلبہ شوق کے ساتھ پانچ سو (500) بار دُرودِ شریف کا روزانہ ورد شروع کر دیا۔ اس کی برکت سے اللہ عزوجل نے اس کو غنی کر دیا اور ایسی جگہ سے اس کو رزق عطا فرمایا کہ اسے پتہ بھی نہ چل سکا، حالانکہ اس سے پہلے وہ مفلس اور حاجت مند تھا۔

(ملخص از فیضان سنت ص ۱۵۱)

روزی میں برکت کا بہترین نسخہ

حضرت سیدنا سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے حضور اقدس شفیع روزِ محشر ﷺ کی خدمت بابرکت میں حاضر ہو کر اپنی مفلسی کی شکایت کی۔

آپ ﷺ نے فرمایا:

"جب تم گھر میں داخل ہوا کرو، خواہ کوئی ہو یا نہ ہو، مجھ پر سلام عرض کرو اور ایک بار قل ھو اللہ شریف پڑھو۔"

اس شخص نے ایسا ہی کیا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اس کو اتنا مالا مال کر دیا کہ اس نے اپنے ہمسایوں اور رشتہ داروں کی بھی خدمت کی۔ (سبحان اللہ)

(تفسیر قرطبی ج ۱۰ ص ۱۸۴ دار الفکر بیروت)

معاشی مسائل کا روحانی حل

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

غنا، ادائے قرض و دفع تنگدستی

اسم مبارک یَا مُغْنِیُ

بعد از نماز صبح گیارہ سو (1100) مرتبہ پڑھیں، اوّل و آخر دس دس (10,10) بار درود پڑھیں۔ جب تک مقصد پورا نہیں ہو جاتا، وظیفہ جاری رکھیں۔

قرض کی ادائیگی کیلئے

اگر کوئی شخص مقروض ہو اور قرض سے خلاصی چاہتا ہو تو وہ پانچوں فرض نمازوں کے بعد قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۫ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِیَدِكَ الْخَیْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۲۶﴾ تُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِی الَّیْلِ ۫ وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ ۫ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ﴿۲۷﴾ (ال عمران: ۲۶-۲۷) پانچ پانچ (5،5) بار پڑھا کرے۔ اول و آخر ایک (1) بار درود شریف۔ حق تعالیٰ اس شخص کو قرض کے بوجھ سے سبکدوش فرما دے گا۔

کاروبار میں دن دگنی رات چوگنی ترقی ہو

اگر کاروبار اور تجارت میں ترقی نہ ہو رہی ہو تو نمازِ فجر کی سنت اور فرض کے درمیان ایک سو اکتالیس (141) مرتبہ درج ذیل آیت پڑھے۔ اول و آخر پانچ (5) بار درود شریف پڑھے۔ اللہ تعالیٰ دن دگنی رات چوگنی مالی ترقی نصیب فرمائیں گے۔

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ ۖ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ﴿۱۲۹﴾ (التوبہ: ۱۲۹)

روحانی درسگاہ کی طرف سے درج ذیل اعمال پر

10% خصوصی رعایت برائے ستمبر 2023

یا قابض کے عامل بنیں
نورانی اعمال — ہدیہ: 2,600

یا قابض اللہ پاک کے صفاتی ناموں میں سے جلالی اسم مبارک ہے۔ اس کے عامل کے دل سے ہر طرح کا خوف ختم ہو جاتا ہے اور وہ بڑے بڑے خطرناک اور جان لیوا روحانی مسائل میں بلاخوف و خطر ہاتھ ڈال سکتا ہے۔

حصارِ خاص
نورانی اعمال — ہدیہ: 1,100

نورانی عملیات میں ایک خاص عمل ہے جس کا عمل کرنے والے کی فرشتے عامل کی حفاظت کرتے ہیں۔ اس عمل کے مختصر فائدے یہ ہیں: حفاظتِ مال، اہل وعیال، بھائی بہن، والدین، دوست احباب وغیرہ، دنیاوی اور اخروی آفات سے حفاظت۔

عمل شفائے امراض
ہر طرح کی بیماری کا روحانی علاج۔ بڑی سے بڑی بیماریوں کا علاج اس عمل سے کیا جا سکتا ہے۔ مریض قریب ہو یا دور، دم کیا جا سکتا ہے۔ روحانی علاج کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ اس میں کسی بھی قسم کا کوئی نقصان نہیں۔

حصارِ قرآنی کبیر
نورانی اعمال — ہدیہ: 2,100

قرآنی آیات پر مشتمل حفاظت کا ایک خاص عمل۔ جس کو کرنے سے ہر طرح کے شر سے حفاظت ہوتی ہے۔ جادو اور جنات کا علاج کرنے والے عاملین کے لیے ایک ضروری عمل۔

منزل
نورانی اعمال — ہدیہ: 2,100

منزل کا عمل جادو، جنات، نظر بد، شیطانی اثرات سے نجات اور حفاظت کا خاص عمل ہے۔ اسی طرح دیگر آفات و حادثات سے بھی حفاظت ہوتی ہے۔ اس عمل کا عامل ہر کوئی بن سکتا ہے۔

دعائے حیدری
دشمن کے خلاف ایک مضبوط ہتھیار۔ ان عاملین اور افراد کے لیے ایک ضروری عمل جن پر جادوگر مسلسل حملے کر رہے ہوں یا دشمن کی طرف سے مسلسل پریشانیوں کا سامنا ہو۔

واپسی نظرِ بد کا خاص عمل
نورانی اعمال — ہدیہ: 2,100

نظر بد کے اثرات نئے ہوں یا پرانے...... معمولی ہوں یا بہت ہی زیادہ...... کسی ایک شخص پر ہوں یا پورے خاندان پر...... انسان پر ہوں یا پھر کاروبار، دکان، مکان یا کسی بھی چیز پر۔

عصائے کلیم اللہ
علوی نورانی اعمال — ہدیہ: 1,100

سخت جادو کی کاٹ کا ایک (1) خاص عمل۔ یہ عمل بھی مندرہ کی طرح کام کرتا ہے۔

۳۴ کے نقش کے عامل بنیں
34 کا نقش "علم النقوش" کے بنیادی نقوش میں سے ہے اور روحانی علاج اور عملیات میں بہت زیادہ استعمال ہوتا ہے۔ یہ ۱۶ خانوں پر مشتمل ہوتا ہے اور اس کو مربع (۴×۴) کا نقش بھی کہتے ہیں۔

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0333-7772775 · 0309-7772775 · 042-35420586
ruhanidarsgah · ruhanidarsgah97 · ruhanidarsgah
darulamal.org/ruhanidarsgah · ruhanidarsgah@gmail.com

حفاظت کے مجرب تعویذات

QT-DS07 نئے بننے والے گھر کی حفاظت — ہدیہ 1600 روپے

نئے بننے والے گھر کی بنیادوں میں رکھنے کے لیے تعویذات تا کہ ہر قسم کے جادو، جنات، آسیب، شیاطین وغیرہ سے حفاظت رہے۔

QT-DS08 مریض کے کمرے اور گھر کی حفاظت — ہدیہ 700 روپے

جو مریض جادو، جنات، شیاطین کے اثرات کا شکار ہو تو مریض کے کمرے اور گھر کی حفاظت کے لیے خاص تعویذ۔

معاشی مسائل کیلئے تعویذات

RT-DS02 فراخی کاروبار — ہدیہ 800 روپے

کاروبار کسی بھی قسم کا ہو مگر حلال ہو تو یہ خاص نورانی تعویذ کاروباری جگہ پر آویزاں کریں۔ ان شاء اللہ، کاروبار میں فراخی ہوگی۔

RT-DS08 کاروباری بندش کا علاج — ہدیہ 2100 روپے

اگر کاروبار پر بندش لگی ہو تو خاص تعویذات منگوائیں۔ ان شاء اللہ، ان کے استعمال سے ہر طرح کی کاروباری بندش ختم ہو جائے گی۔ کاروبار کے مالک کا نام معہ والدہ اور کاروبار کا پتہ بتائیں۔

متفرق تعویذات

NT-DI06 ہر مقصد کے لیے — ہدیہ صرف دعائیں

ہر جائز مقصد کے حصول کے لیے خاص تعویذ جس کو پاس رکھنے سے مقصد کے حصول میں آسانی ہوتی ہے اور غیبی مدد ہوتی ہے۔

RT-DS05 دشمن مغلوب ہو — ہدیہ 500 روپے

جس کا کوئی دشمن ہو اور اس کے سامنے آنا جانا ہو اور وہ تنگ کرتا ہو تو اس

خاص تعویذ کو اپنے پاس رکھنے سے دشمن مغلوب ہو جائے گا اور تنگ نہیں کرے گا، ان شاء اللہ۔

RT-DS10 برکت کے لیے — ہدیہ صرف دعائیں

جس چیز میں بھی برکت مطلوب ہو، اس خاص نقش کو اس چیز میں رکھ دیا جائے۔ ان شاء اللہ برکت حاصل ہوگی۔

NT-DI02 محبت کے لیے — ہدیہ 1100 روپے

کسی کو اپنی محبت میں مبتلا کرنے، اس کے دل کو اپنے لیے نرم کرنے، کسی کے دل میں اپنے لیے نفرت/بغض وحسد کو ختم کرنے، ناراض کو راضی کرنے اور اس طرح کا کوئی بھی معاملہ ہو تو روحانی تعویذات سے فائدہ اٹھائیں اور مطلوب کے دل میں جائز محبت پیدا کریں۔

RT-DI02 بھاگے ہوئے شخص کی واپسی — ہدیہ 900 روپے

جو شخص گھر یا کسی جگہ سے بھاگ جائے، بچہ مدرسہ سے بھاگ جائے، طالب علم سکول کالج سے بھاگ جائے، ملازم نوکری کی جگہ سے بھاگ جائے، لڑکا یا لڑکی بھاگ جائیں ...... الغرض کوئی بھی معاملہ ہو اور ان کی واپسی مطلوب ہو تو یہ تعویذات حاصل کریں۔

جسمانی بیماریوں کے لیے تعویذات

NT-DI05 مرگی سے نجات کا تعویذ — ہدیہ صرف دعائیں

مرگی سے نجات کا تعویذ جو کہ مریض نے گلے میں ڈالنا ہوتا ہے۔

RT-DI08 پاگل پن سے نجات کا تعویذ — ہدیہ 550 روپے

پاگل پن سے نجات کا تعویذ جو کہ مریض نے گلے میں ڈالنا ہوتا ہے۔

رعائیتی پالیسی: خزینۂ روحانیات ممبران 10%، روحانی درس گاہ شاگرد 20%

زوجین کے مسائل کا روحانی حل

سید ذیشان نظامی عفی عنہ (جہلم)

زوجین میں اتفاق کے لیے

میاں بیوی میں نفرت دور کرنے کے لیے اور ان میں اتفاق اور محبت کے لیے جس کو ضرورت ہو، وہ اس وظیفہ کو کرے۔ اوّل و آخر درودِ ابراہیمی گیارہ (11) بار۔ تین سو تیرہ (313) بار بعد نمازِ فجر یا بعد نمازِ عشاء مندرجہ ذیل آیت کو اکیس (21) دن تک پڑھیں۔ ان شاء اللہ عزّوجل میاں بیوی میں محبت اور اتفاق پیدا ہو جائے گا۔ آیت شریف حسبِ ذیل ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ سُبۡحٰنَ الَّذِیۡ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقۡرِنِیۡنَ ﴿۱۳﴾ (الزخرف: ۱۳)

زوجین میں محبت کیلئے

گھر کی خوشحالی کا تمام تر دارومدار میاں بیوی کے سلوک و اتفاق پر مبنی ہوتا ہے۔ اگر کسی گھر میں میاں بیوی کے مابین سلوک و اتفاق نہ رہتا ہو تو گھر کا ماحول بگڑ جاتا ہے، جس وجہ سے لواحقین کو ہر وقت پریشانی کا سامنا در پیش رہتا ہے۔ اس آیت کی تلاوت میاں بیوی میں ناچاقی ختم کرنے کے لئے بڑی لاجواب اور اکسیر ہے۔ لہٰذا جس گھر میں میاں بیوی کا جھگڑا ہو تو اس گھر کے کسی فرد کو چاہیے کہ وہ باوضو حالت میں اس آیت کو اکیس (21) روز تک بلاناغہ تین سو تیرہ (313) مرتبہ پڑھے اور اوّل و آخر درودِ ابراہیمی گیارہ (11) بار لازمی پڑھے۔ اور آخری دن پانی پر دم کرے اور اس پانی کو کسی طرح میاں بیوی کو پلائے تو اللہ کی مہربانی سے میاں بیوی میں مثالی سلوک و اتفاق قائم ہو جائے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلِیۡمًا خَبِیۡرًا ﴿۳۵﴾ (النسآء: ۳۵)

ترجمہ: ”بے شک اللہ علم والا، خبر والا ہے۔“

سسرالی رشتوں میں نفرت ختم ہو کر محبت پیدا ہو

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

درج ذیل تعویذ جناب علی شاہ حیدری صاحب کا تحریر کردہ ہے۔ اس کا طریقہ استعمال روحانی علاج گاہ کے اراکین کا مرتب کردہ ہے۔

اس تعویذ کو زعفرانی روشنائی سے عروجِ ماہ میں زہرہ کی ساعت میں لکھیں۔ جو اپنے پاس رکھے گا، اس کے ساتھ رہنے والے افراد اس سے محبت کرنے لگیں گے۔ جو افراد نفرت کرتے ہیں، ان کی نفرت ختم ہوگی۔ اس کی لوگ عزت واحترام کرنے لگیں گے۔

تعویذ کو بے ادبی سے بچائیں اور ہر جمعرات کو اس تعویذ کو اعلیٰ عربی بخور کی دھونی دی جائے۔

عالمِ بیداری میں کرنے والے استخارہ کے اعمال

ملازم حسین (اسلام آباد)

استخارہ نمبر ۱: سب سے پہلے جو استخارہ لکھا جا رہا ہے، اس کو دن، رات، زوال کا وقت چھوڑ کر جب جی چاہے کریں۔ معاملہ شادی بیاہ کا ہو یا منگنی کا یا کاروبار یا ملازمت یا کسی سے تعلقات قائم کرنے کا...... کسی بھی کام کا نتیجہ معلوم کرنے کیلئے اس استخارہ کو کریں، ان شاء اللہ جواب موقع پر ہاں یا ناں میں مل جائے گا جو کہ دو فیصدی درست ہوگا۔ ترکیب اس طرح ہے کہ اپنے مقصد کو ذہن میں رکھتے ہوئے دو (2) رکعت نماز نفل برائے استخارہ پڑھیں۔ پہلی رکعت میں جب اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ پر پہنچیں تو اس کی تکرار پانچ منٹ تک کریں۔

اس دوران آپ کا جسم دائیں یا بائیں گھومے گا۔ اگر جسم دائیں طرف گھومے تو یہ کام کرنا اچھا ہے۔ اگر جسم بائیں طرف گھومے تو کام کرنا ٹھیک نہیں ہے۔ جب جسم دائیں بائیں گھوم جائے تو پھر نماز پوری کرلیں۔

ایک ضروری وضاحت: بعض اوقات بعض لوگوں پر استخارہ جلد نہیں کھلتا۔ لہٰذا اگر ایک دن ناکامی ہو تو پھر اس کو لگاتار تین (3) یوم تک دن میں کئی مرتبہ کریں۔ اگر پھر بھی استخارہ نہ کھلے تو دارالعمل چشتیہ سے تین (3) غسل والے تعویذ منگوالیں۔ روزانہ ایک نقش سے غسل کریں۔ ان شاء اللہ تین (3) دن کے بعد جو بھی رکاوٹ ہوگی، وہ دور ہو جائے گی اور استخارہ کھل جائے گا۔

میرے تجربات: ۱۹۹۵ء میں جب حاضرات پر تحقیق اور تجربات کر رہا تھا، انہی دنوں میں نے اس استخارہ پر تحقیق اور تجربات کیے ہیں۔ تجربات کے دوران مجھے بہت سی باتیں معلوم ہوئی جن کو لکھا گیا ہے۔ مزید میں یہ معلوم کرنا چاہتا تھا کہ جو لوگ کمزور یا معذور ہیں، کیا وہ بیٹھ کر استخارہ کر سکتے ہیں؟ چنانچہ ایسے لوگوں کو بیٹھا کر استخارہ کروایا گیا۔ نتیجہ سو فیصد کامیاب رہا۔

اس کے بعد میں نے سوچا کہ کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جو کہ بیٹھ بھی نہیں سکتے۔ لہٰذا تجربہ کرنے کی غرض سے ایک شخص کو کہا گیا کہ آپ چار پائی پر لیٹ کر استخارہ کریں۔ جب استخارہ کروایا گیا تو اس کا نتیجہ بھی سو فیصد کامیاب رہا۔

....................*..........*..........*

استخارہ نمبر ۲: یہ استخارہ بھی بہت مجرب المجرب ہے۔ زوال کے اوقات چھوڑ کر جس وقت مرضی ہے، کریں۔ ترکیب اس طرح ہے کہ سفید کاغذ لے کر اس پر حسب استطاعت مٹھائی رکھ کر اس پر فاتحہ پڑھ کر دم کردیں اور اس کا ثواب اکابرین کو پہنچا دیں اور مٹھائی تقسیم کردیں۔ اس کے بعد پندرہ (15) مرتبہ یَامُظْهِرَ الْعَجَائِبِ گیارہ (11) مرتبہ یَاکَاشِفَ الْغَرَائِبِ، نو (9) مرتبہ درود شریف اور نو (9) مرتبہ آیت کریمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ پڑھ کر آسمان کی طرف دیکھیں۔ اس کے بعد دو رکعت نفل بہ نیت استخارہ پڑھیں۔ سورۂ فاتحہ پڑھتے وقت جب اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ پر پہنچیں تو اس کی تکرار پانچ (5) منٹ تک کریں۔ اس دوران آپ کا جسم دائیں بائیں جانب خود بخود گھوم جائے گا۔ اگر جسم دائیں طرف گھومے تو کامیابی کی طرف اشارہ ہے۔ اگر بائیں جانب گھومے تو ناکامی کی طرف اشارہ ہے۔

اگر آپ کا جسم دائیں / بائیں نہ گھومے تو سمجھ لیں کہ استخارہ نہیں کھلا۔ اس لئے اس استخارہ کو مسلسل تین (3) یوم تک لگاتار کریں۔ تین (3) یوم کرنے کے بعد بھی اگر کامیابی نہ ملے تو استخارہ نمبر ۱ میں درج تفصیل کے مطابق عمل کریں۔

بیٹے کی خواہش مندوں کے لیے خاص تعویذ

مولانا سلیم اللہ ظفر (ناظم روحانی درس گاہ)

ابتداء	خاتمہ
03-09-2023	04-09-2023
23:23	01:06

سیارہ قمر چونکہ تمام سیاروں کی نسبت زمین کے زیادہ قریب ہے۔ اس لیے سیارہ قمر کو تمام سیاروں کے مقابلے میں خاص مقام حاصل ہے۔ ہر سیارے پر ہر طرح کے حالات آتے رہتے ہیں۔ اور ان کے حالات کا اثر ہر چیز پر ظاہر ہوتا رہتا ہے۔ اگر سیارہ مقام شرف پر ہو تو بھرپور شرف اور بدرجہ کمال سعادت رکھتا ہے اور جب حالت ھبوط میں ہو تو انتہائی نحس مانا جاتا ہے۔ اس طرح دیگر باقی تمام سیاروں کی طرح قمر یعنی چاند بھی ایک سیارہ ہے اور اس سیارے قمر یعنی چاند پر بھی ہر طرح کے شرف وھبوط وغیرہ حالات آتے رہتے ہیں۔ اس لیے اگر قمر شرف میں ہو تو ان گھڑیوں میں ایک دو نہیں بلکہ بہت سارے خیر کے کام کیے جاسکتے ہیں۔ یاد رکھیں! سیارہ قمر کے شرف کی قدروقیمت روحانی ماہرین، روحانی عاملین، روحانی معالجین، روحانی اسکالرز، روحانی پیشواؤں سے پوچھیں۔ وہ آپ کو بتلائیں گے کہ یہ کتنا قیمتی وقت ہوتا ہے۔ یہ کتنا سعد وقت ہوتا ہے۔ یہ کتنا اچھا ٹائم ہوتا ہے۔ اور اگر دیگر نظرات وغیرہ بھی موافق ہوں تو یقین جانیں اور یقین مانیں کہ شرف قمر کا یہ قیمتی وقت قدرت کی دیگر عطا کردہ نعمت عظمیٰ سے کسی صورت کم نہیں۔ روحانی احباب بخوبی جانتے ہیں کہ سیارہ قمر ہمارے دنیا کے تمام فعلی نظام پر حکمرانی کرتا ہے۔ اس لیے شرف قمر کے خاص وقت کو ہرگز معمولی اور غیر اہم وقت نہیں سمجھنا چاہیئے۔ وہ روحانی عاملین جو اکثر یہ کہتے ہوئے نظر آتے ہیں کہ ہمارے تعویذات، ہمارے نقوش، ہماری الواحات وغیرہ سے میں کچھ خاص اثر، خاص قوت، خاص طاقت، خاص اثر، خاص رزلٹ، خاص نتیجہ مرتب نہیں ہوتا۔ ان کو چاہیئے کہ وہ خاص اوقات کو ہر صورت پیش نظر رکھا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور اثرات مرتب ہوں گے۔ بلکہ آپ کی توقعات اور اُمیدوں سے بھی بڑھ کر رزلٹ سامنے آئیں گے۔

آج کل چونکہ ہر دوسرا بندہ عامل ہے اور اکثریت ایسوں کی ہے کہ جو ایک دو عمل سیکھنے کے بعد اپنے آپ کو عامل کامل سمجھنا شروع ہو جاتے ہیں۔ ایسے تمام ابتدائی روحانی طالب علموں سے میری گذارش ہے کہ اول تو تمام سیاروں کے نشیب فراز سے واقفیت ہونی چاہیئے۔ اگر نہیں تو پھر کم از کم جو بڑے اور اہم سیارے ہیں ان کی تمام باریکیوں کی موٹی موٹی واقفیت ضرور حاصل کریں۔ چونکہ صرف شرف اور ھبوط ہی سب کچھ نہیں ہوتا۔ اگرچہ بے شک شرف وھبوط دونوں ہی خاص اوقات ہوتے ہیں اور دونوں ہی نہایت اہم اوقات ہوتے ہیں۔ روحانی درس گاہ کے اکثر ابتدائی طالب علم پوچھتے ہیں کہ شرف قمر میں ہم کون کون سے اعمال کر سکتے ہیں؟ کون کون سے تعویذات لکھ سکتے ہیں؟ کون کون سے نقوش تیار کر سکتے ہیں؟ کون کون سی الواحات بنا سکتے ہیں تو ان کے لیے یہ جواب ہے کہ آپ شرف قمر میں ہر طرح کے اعمال خیر، ہر طرح کے خیر وبرکات کے تعویذات، مثبت کاموں کے لیے نقوش اور ہر طرح کی الواحات تیار کر سکتے ہیں۔ مثلاً حصول علم، حصول رشتہ، حصول اولاد، تسخیر، بلند مراتب، نصیب کشائی، ترقی کاروبار وغیرہ وغیرہ۔ قارئین کرام! اس بار آپ کی خدمت میں جو خاص تعویذ پیش کر رہا ہوں۔ یہ تعویذ ان خواتین وحضرات کے لیے ہے کہ جن کے ہاں بچیاں ہی بچیاں ہیں، نرینہ اولاد نہیں۔ بیٹے نہیں ہیں۔ ان کے لیے یہ خاص تعویذ پیش کر رہا ہوں۔ یہ تعویذ انتہائی مجرب ہے۔ آزمودہ ہے۔ اور سالہا سال سے جس کو دیا گیا ہے۔ اللہ پاک نے ان پر کرم فرمایا ہے۔ یہ مبارک تعویذ دینے سے پہلے یہ کنفرم کر لیں کہ جس عورت کو آپ یہ تعویذ دے رہے ہیں۔ ان میاں بیوی پر جادو جنات کے اثرات نہ ہوں۔ چونکہ جادو جنات کی وجہ سے بھی اکثر اوقات نرینہ اولاد کی بندش لگ جاتی ہے۔ مرض اٹھرا بھی نہ ہو۔

مطلب یہ ہے کہ وہ عورت مرد نہ تو روحانی مسائل کے شکار ہوں اور نہ ہی جسمانی بیماری میں مبتلا ہوں۔ دونوں اطراف سے کلیئر اور صاف ہوں۔ اب اگر بیٹا نہیں ہو رہا ہے۔ تو ان شاء اللہ ضرور بیٹا ملے گا۔ یہ مبارک تعویذ ہرن کی جھلی پر لکھنا ہے۔ عرق گلاب میں زعفران کی سیاہی بنا کر لکھنا ہے۔ عورت یہ تعویذ اپنے گلے میں باندھے۔ ان شاء اللہ بیٹا ہوگا اور اللہ پاک کے فضل وکرم سے ضروری ہوگا۔

تعویذ مبارک یہ ہے۔ یہ تعویذ شرف قمر کے وقت کسی سعد ساعت میں لکھ لیا جائے۔ کئی تعویذات اکٹھے لکھ کر ضرورت مند روحانی مریضوں کے لیے محفوظ رکھے بھی جاسکتے ہیں۔ تاکہ جب کبھی ضرورت مند بہن بیٹی آئے تو ضرورت کے وقت ان کو دیا جاسکے۔ میری دعا ہے کہ اللہ پاک میری ایسی (بقیہ ص 17)

جماعت العاملین کی خدمات

جماعت العاملین کی خدمات کا مطلب ہے کہ روحانی معالجین آپ کے مقصد رخواہش رپریشانی رمشکل کے لیے وہ پڑھائی کریں گے، عمل کریں گے اور جو ممکن تدبیر ہوگی، وہ کریں گے۔

JA-D08 | تین دن میں جگہ پر سے ہر قسم کے سخت سے سخت جنات، آسیب، شیاطین، جادو، نظر بد کا خاتمہ | ہدیہ 5100 روپے

اگر کسی کے گھر، کاروباری جگہ (فیکٹری، دکان، آفس، مدرسہ، سکول، کالج، یونیورسٹی، ٹیوشن سنٹر، کھیت، گودام اور دیگر کاروباری جگہیں) یا کسی بھی جگہ (پلاٹ، رقبہ، ڈیرہ وغیرہ) میں جادو، جنات، شیاطین، نظر بد کے سخت اثرات ہوں تو ان کے خاتمے کے لیے تین دن کا خاص ھانڈی کا عمل کیا جاتا ہے۔ ان شاء اللہ، جو بھی جادو، جنات، شیاطین، نظر بد کے اثرات ہوں گے، وہ اس جگہ پر سے ختم ہوجائیں گے۔

JA-D30 | گھر یا جگہ کی تشخیص | ہدیہ 2100 روپے

کیا آپ کے گھر پر جادو یا جنات کا اثر ہے؟ اگر ہے تو کس کمرے میں ہے؟ کمرے کی کس طرف ہے؟ کس کس جگہ جادو کا اثر ہے، کس جگہ جنات کا اور کس جگہ دونوں کا؟..... اگر آپ ان سوالوں کا جواب جاننا چاہتے ہیں تو روحانی معالجین کو اپنی جگہ پر بلوا کر یہ تشخیص کا عمل کروائیں۔

JA-D29 | عورت کے لیے حب کا خاص عمل | ہدیہ 5500 روپے

اگر مطلوب عورت ہے تو اس کے دل میں اپنی جائز محبت ڈالنے اور اُس کو اپنی طرف کرنے کے لیے یہ خاص عمل کیا جاتا ہے۔ عمل کرنے کے بعد وہ عورت، طالب کی طرف مائل ہوجاتی ہے۔ یہ عمل صرف جائز مقصد کے لیے ہی کیا جائے گا۔ ناجائز مقصد اور خاص کرنا جائز محبت والے رابطہ نہ کریں۔

رعائیتی پالیسی: خزینۂ روحانیات ممبران 10%، روحانی درس گاہ شاگرد 20%

روحانی علاج گاہ کے خاص علاج

QI-DI11 | محبوب، طالب سے محبت کرنے لگے | ہدیہ 2100 روپے

جو چاہتے ہیں کہ اپنے مطلوب رمحبوب کے دل میں اپنی محبت ڈالیں، وہ طالب و مطلوب کا نام مع والدہ بتا کر یہ عمل تیار کرواسکتے ہیں۔ جو شیرینی مطلوب کو کھلائی جاسکتی ہو، وہ ادارے میں لے کر آئیں یا بھجوائیں۔ اس پر عمل دم کر کے دیا جائے گا۔ ان شاء اللہ، یہ شیرینی مطلوب کو کھلانے سے مطلوب، طالب سے محبت کرنے لگے گا۔ صرف جائز محبت کے لیے۔

NI-DI03 | گم شدہ کو واپس لانا | ہدیہ صرف دعائیں

گم شدہ کو واپس لانے کے لیے تعویذ اور وظیفہ۔ گم شدہ کا نام مع والدہ اور جس کے پاس واپس آنا ہے، اس کا نام مع والدہ ارسال کریں۔ روحانی علاج تیار کر کے دیا جائے گا۔ ان شاء اللہ، گم شدہ واپس مل جائے گا۔

RI-DI04 | چور کا پتہ لگانا یا سامان واپس ملنا | ہدیہ 600 روپے

اگر کسی کی چوری ہوگئی ہو تو اس چوری کے سامان کی واپسی یا پھر چور کا پتہ لگانے کے لیے خاص تعویذ حاصل کریں۔ اگر کسی جگہ سے چوری ہوئی ہے تو یہ تعویذ منگوائیں۔ اگر راہ چلتے چوری ہوئی ہے تو یہ تعویذ اس مقصد کے نہیں۔ جس کی چوری ہوئی ہے، اس کا نام مع والدہ اور چوری کے سامان کی تفصیل بتائیں۔

QI-DI06 | رشتے نہ آتے ہوں | ہدیہ 2100 روپے

اگر کسی لڑکی کے رشتہ نہ آتے ہوں تو دیسی تالا جس کو سامنے سے چابی لگتی ہو، وہ ادارے کو ارسال کریں یا پھر اس کی قیمت ادا کریں اور سائل کا نام مع والدہ بتائیں۔ عمل کر کے تالا آپ کو بھیج دیا جائے گا اور مکمل طریقہ استعمال بھی ساتھ ہمراہ ہوگا۔ ان شاء اللہ، رشتہ آنا شروع ہوجائیں گے۔

چوری اور ڈکیتی میں چھینا گیا سامان اور گاڑی کی واپسی کا تعویذ

مولانا سلیم اللہ ظفر (ناظم روحانی درس گاہ)

ابتداء	خاتمہ
18-09-2023 13:49	18-09-2023 13:45

ہمیشہ ہر طرح کے اعمال کرنے، لکھنے، تیار کرنے سے پہلے مزاج قمر کو سمجھنا اور معلوم کرنا بہتر ہوتا ہے۔ بلکہ بعض اوقات لازمی اور ضروری ہوتا ہے چونکہ جب آپ اس چیز کا خیال نہیں رکھیں گے تو آپ کے تعویذات، نقوش وغیرہ میں وہ تاثیر اور اثر نہیں ہوگا۔ جو آپ چاہتے ہیں۔ ہمیشہ ایک اصول یاد رکھیں کہ ہبوط قمر کا ہو یا کسی بھی سیارے کا ہو نحس ہوتا ہے۔ ہبوط قمر میں اعمال شر تیار کئے جاتے ہیں۔ اعمال شر لکھے جاتے ہیں۔ اعمال شر بنائے جاتے ہیں۔ ہبوط قمر وغیرہ میں اگر آپ اعمال خیر لکھیں گے۔ اعمال خیر بنائیں گے۔ اعمال خیر تیار کریں گے تو ان کا اثر بالکل بھی نہیں ہوگا۔ ان کا رزلٹ مرتب نہیں ہوگا۔ اس کا بہتر نتیجہ نہیں آئے گا۔ پھر کیا ہوگا کہ آپ اپنے اعمال سے، آپ اپنی الواحات سے، آپ اپنے نقوش سے، آپ اپنے تعویذات سے، آپ اپنے اساتذہ کرام سے بدظن ہوں گے، بدگمان ہوں گے حالانکہ غلطی سو فیصد آپ کی اپنی ہے، بعض اوقات جب اصولوں کا خیال نہیں رکھتے، اوقات کا خیال نہیں رکھتے ساعات کا لحاظ نہیں رکھتے تو نتیجہ اُلٹ، رزلٹ برعکس اور مخالف بھی آتا ہے۔ بلکہ سخت مخالف آتا ہے۔ میں اکثر عرض کرتا ہوں کہ سیارہ قمر چونکہ تمام سیاروں کی نسبت زمین کے زیادہ قریب ہے۔ اس لیے اس کے اثرات بھی باقی تمام سیاروں کی نسبت زیادہ اثر انداز ہوتے ہیں۔ جب قمر یعنی چاند ہبوط میں ہو تو ہر طرح کے منفی، ہر طرح کے اعمال شر لکھے، بنائے اور تیار کیے جاسکتے ہیں۔ یاد رکھیں ہبوط کا مطلب کمال نحوست ہے۔ یعنی جب کوئی بھی سیارہ ہبوط میں ہو تو اس وقت اس سے بہت سارے نحس اثرات مرتب ہو رہے ہوتے ہیں۔ نحس اثرات خارج ہو رہے ہوتے ہیں۔ نحس اثرات ہر ایک پر اثر انداز ہو رہے ہوتے ہیں۔ ہبوط قمر کے اوقات میں لکھے جانے والے، تیار کیے جانے والے، بنائے جانے والے، پڑھے جانے والے تمام اعمال شر 100 فیصد رزلٹ دیتے ہیں۔ آپ کی مرضی کا رزلٹ دیتے ہیں بلکہ بعض اوقات چاہت اور مرضی سے بھی بڑھ کر اپنا اثر دکھاتے ہیں۔ اسی طرح ہبوط قمر میں اعمال سعد بالکل بھی اپنا رزلٹ نہیں دیتے۔ اس لیے ہبوط قمر میں اعمال سعد تیار کرنے کی غلطی نہیں کرنی چاہیے۔ تاکہ بدگمانی نہ ہو۔ بہت سے روحانیت کے ابتدائی طالب علم یہ سوال کرتے ہیں کہ ہبوط قمر میں ہمیں کون کون سے اعمال، کون کون سے تعویذات، کون کون سے نقوش تیار کرنے چاہئیں۔ تو ان سے گذارش ہے کہ ہبوط قمر میں آپ ہر طرح کے اعمال شر تیار کر سکتے ہیں۔ وہ پڑھائی کی شکل میں ہوں، تعویذات کی شکل میں ہوں، نقوش کی شکل میں ہوں۔ کوئی چیز دم کرنے کی شکل میں ہوں یا کسی دیگر کسی بھی شکل وصورت میں ہوں۔ مثلاً ناجائز تعلقات کے خاتمے کیلئے، ناجائز محبت کو دشمنی میں بدلنے کے لیے، ناجائز تعلقات میں جدائی اور اختلاف ڈالنے کے لیے، دشمنوں کے لیے، ظالموں کو سبق سکھانے کے لیے، دشمنوں میں مخالفت پیدا کرنے کے لیے، ظالموں اور دشمنوں کی صفوں میں انتشار کے لیے، دشمنوں کو ہلاک کرنے کے لیے، دشمنوں کو ذلیل رسوا کرنے کے لیے، بدمعاشوں اور عزت کے لٹیروں کو بیمار کرنے کے لیے، مخالفوں کو منتشر کرنے کے لیے، کسی عمارت اور جگہ کو ویران کرنے کے لیے، بغض وعداوت کے لیے اور زبان بندی کے لیے اور دیگر بہت سارے امور کے لیے بنا سکتے ہیں۔ اس بار آپ کی خدمات میں جو خاص تعویذ اور خاص وظیفہ پیش کر رہا ہوں۔ تعویذ چوری شدہ مال کی واپسی کے لیے ہے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ اس نقش کی برکت سے اللہ پاک بہت جلدی چوری شدہ اور ڈکیتی میں چھینا گیا مال بھی واپس عطا فرما دیں گے اور چور اور ڈاکو کا پتا تو معلوم ہو جائے گا کہ کون ہے؟ یا پھر بہت جلدی پکڑا جائے گا اور مال مسروقہ برآمد ہوگا۔ یہ تعویذ لکھ کر اس کے نیچے گم شدہ، چوری شدہ، ڈکیتی شدہ سامان کی تفصیل لکھے۔ اگر ڈکیتی، چوری، گم گاڑی یا موٹر سائیکل وغیرہ ہوا ہے تو اس کا نمبر لکھے اور تعویذ پنکھے کے ساتھ باندھ کر پنکھے کو مسلسل چلتا رکھے، بند نہ کرے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ بہت جلدی مطلب حاصل ہوگا۔

تعویذ خاص برائے گم شُدہ/واپسی سامان/گاڑی/موٹر سائیکل

باندھ کر پنکھے کو مسلسل چلتا رکھے بند نہ کرے۔ ان شاء (بقیہ ص 14)

نظرات سیارگان کے مجرب اعمال

خالد مقبول حفظہ اللہ

ذہنی قوت اور علم میں اضافہ

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
تثلیث عطارد مشتری	03-09-23 14:03	04-09-23 15:28	05-09-23 16:18

زعفرانی روشنائی سے ایک سفید کاغذ پر اللہ جل جلالہ کے نام ''یا علی'' کو ایک سو دس (110) مرتبہ اور اللہ جل جلالہ کے نام ''یا علیم'' کو ایک سو پچاس (150) مرتبہ لکھیں۔ اس طرح جتنے تعویذ تیار ہو سکیں، اس وقت میں کر لیں۔ جس جس کے لیے تیار کرنا ہے، اس کا نام مع والدہ اور مقصد تعویذ کے نیچے لکھیں۔ پھر اس کو بخور کی دھونی دے کر اعلیٰ عربی عطر لگا کر موم جامہ کر کے سائل کو دیں۔ اور سائل کو پابند کریں کہ یہ دونوں نام درج بالا تعداد میں روزانہ ورد میں رکھے، اول و آخر آٹھ (8) بار کوئی بھی درود شریف پڑھے۔ ان شاء اللہ، ذہنی قوت میں بہت اضافہ ہوگا اور علم میں بہت ترقی ہوگی، علمی کاموں میں کامیابی ملے گی۔ یہ تعویذ مدرسین، پروفیسر، لیکچرار، طالب علم، سائنٹسٹ، ریسرچ کرنے والے اور کسی بھی علمی کام میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے بہت مفید ہے۔

عہدے میں ترقی

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
قران شمس عطارد	06-09-23 03:47	06-09-23 16:08	07-09-23 15:45

یَارَبِّ فَاجْعَلْ رِجَآئِیْ غَیْرَ مُنْعَکِسٍ لَدَیْکَ وَاجْعَلْ حِسَابِیْ غَیْرَ مُنْخَرِمٍ۔

اس دُعا کے اعداد اور سائل کا نام مع والدہ کے اعداد لے کر سائل کے نام کے مزاج کے مطابق چال سے مربع نقش پُر کریں۔ نیچے سائل کا نام مع والدہ اور مقصد لکھیں۔ پھر یہ دُعا چار سو باون (452) مرتبہ، اول و آخر گیارہ (11) مرتبہ درود شریف، پڑھ کر دم کریں۔ پھر بخورِ تسخیر کی دھونی دیں اور عطرِ تسخیر لگا کر موم جامہ کر کے پاس رکھنے کو دیں۔

سائل کو کہیں کہ روزانہ یہ آیت سینتالیس (47) مرتبہ روزانہ پڑھا کرے۔ اول و آخر ایک بار درود شریف۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، جلد ہی عہدے میں ترقی ہو جائے گی اور جو بھی رکاوٹ ہوگی، وہ بھی دور ہوگی۔

حصولِ دولت، ترقی رزق و کاروبار

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
تثلیث شمس مشتری	07-09-23 15:45	08-09-23 16:12	09-09-23 16:33

جو لوگ چاہتے ہوں کہ ان کے پاس وافر دولت آئے، جو بھی رزق کے اسباب ہیں، ان میں ترقی ہو، کاروبار بہت چلے تو وہ اس تعویذ استعمال کریں۔

اللہ جل جلالہ کے اسم ''یا مُغْنِیُ'' کو زعفرانی روشنائی سے ایک سفید کاغذ پر ایک ہزار ایک سو (1100) مرتبہ لکھیں۔ نیچے سائل کا نام مع والدہ اور مقصد لکھیں۔ پھر اس کو بخورِ تسخیر کی دھونی دیں اور عطرِ تسخیر لگا کر موم جامہ کر کے سائل کو پاس رکھنے کو دیں۔ سائل کو کہیں کہ ہر نماز کے بعد گیارہ (11) مرتبہ ''یا مُغْنِیُ'' پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ، سائل جیسا چاہے گا، ویسا ہی ہو جائے گا۔

عاملین اس خاص موقع سے فائدہ اٹھائیں اور زیادہ تعویذ تیار کر لیں۔

شرفِ عطارد کے اعمال

محمد حسن (کراچی)

شرف سیارگان	ابتداء	خاتمہ
شرف عطارد	05-09-2023 05:57	06-09-2023 06:36

مخصوص مضمون میں کامیابی کے لئے

اگر کوئی طالبعلم کوشش کے باوجود بھی کسی مخصوص مضمون میں کامیاب نہیں ہو پا رہا ہو اور وہ چاہتا ہو کہ اس سلسلہ میں کوئی روحانی مدد لی جائے تو درج ذیل عمل تیار کیا جا سکتا ہے۔ مثال پر غور کریں۔

طالب جو ایک عرصہ سے کوشش کر رہا ہے ہیومن ریسورسز کے امتحان میں کامیابی کے لئے تو اس کے لئے نقش مربع ذوالکتابت اس طرح تیار کیا جائے گا۔

طالب کے نام مع نام والدہ کے اعداد ابجد قمری 461۔

ہیومن ریسورسز 654۔

رب یسر ولا تعسر 1239۔

وتمم بالخیر 1329۔

میزان 3683۔

۷۸۶

طالب والدہ	ہیومن ریسورسز	رب یسر ولا تعسر	وتمم بالخیر
۱۲۴۰	۱۳۲۸	۴۶۲	۶۵۳
۱۳۲۷	۱۲۳۷	۶۵۶	۴۶۳
۶۵۵	۴۶۴	۱۳۲۶	۱۲۳۸

یا شلمکفیا یا شمکیفا

نقش کا وفق 3683۔ موکل استخراج کرنے کے لئے 41 عدد نفی کئے۔ 3642 ب م خ غ ج یعنی موکل ہوا بمخغجائیل۔ نقش کے نیچے یوں عزیمت تحریر کی جائے گی ’’عزمت علیکم واقسمت علیکم یا بمخغجائیل فلاں بن فلاں کو ہیومن ریسورسز کے امتحان میں کامیابی دلاؤ بحق کلام اللہ بسم ربك الذی بحق خلق الانسان من علق اقراء و ربك الاکرم الذی علم بالقلم علم الانسان مالم یعلم‘‘۔

چاندی پر کندہ کریں اور گلے میں پہن لیں۔ ان شاء اللہ امتحان کے سلسلہ میں کی گئی محنت رائیگاں نہ جائے گی اور کامیابی کا حصول ہوگا۔

قوی الحافظہ ہونے کے لئے

درج ذیل نقش کو چاندی کے پترہ پر کندہ کریں اور روزانہ صبح پانی کے ایک گلاس ڈال کر کچھ دیر کے لئے رکھ چھوڑیں۔ لوح کو نکال لیں اور پانی پی لیں۔ اس طرح چالیس (40) یوم تک کریں۔ اس کے بعد لوح کو سیدھے بازو یا گلے میں پہن لیں۔ ان شاء اللہ حافظہ ایسا قوی ہوگا کہ لوگ رشک کریں گے۔

۷۸۶

۱۹۶۱	۱۹۵۷	۱۹۵۰	۱۹۶۴
۱۹۵۱	۱۹۶۳	۱۹۶۲	۱۹۵۶
۱۹۶۶	۱۹۵۲	۱۹۵۵	۱۹۵۹
۱۹۵۴	۱۹۶۰	۱۹۶۵	۱۹۵۳

سبحان من لا یعتدی علی اهل مملکته

سبحان من لا یاخذ اهل الارض بالوان العذاب

سبحان الرؤف الرحیم

اللهم اجعل لی فی قلبی نورا و بصرا و فهما و علما

انك علی كل شیئ قدیر

اس کے علاوہ ’’قل رب زدنی علما وارزقنی فهما‘‘ کا نقش مربع ذوالکتابت بھی اس سلسلہ میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ بالخصوص تعلیمی کامیابیوں اور تعلیمی رکاوٹوں کو دور کرنے کے لئے۔

شرف عطارد، احساس کمتری ختم کرنے کا زبردست روحانی علاج

مولانا سلیم اللہ ظفر (ناظم روحانی درس گاہ)

شرف سیارگان	ابتداء	خاتمہ
شرف عطارد	05-09-2023 05:57	06-09-2023 06:36
شرف عطارد	25-09-2023 01:04	25-09-2023 19:49

سیارہ عطارد ہمارے نظام شمسی کا سب سے اندرونی سیارہ ہے۔ اس سیارے کو آسمانوں اور فلک کا منشی بھی کہتے ہیں۔ دیگر سیاروں کی طرح اس سیارے پر بھی مختلف حالات آتے رہتے ہیں۔ اوران مختلف حالات کے تناظر میں اس سیارے یعنی سیاہ عطارد کے بھی اثرات ہر ایک چیز پر پڑتے رہتے ہیں۔ جو احباب سیاروں کے علم سے واقفیت رکھتے ہیں۔ تو وہ خود بھی اللہ پاک کی اس تخلیق سے اللہ پاک کی عطا سے ان سے بھرپور فائدے اٹھاتے رہتے ہیں اور دوسروں لوگوں کو بھی ان کے فوائد سے فیض یاب کرتے رہتے ہیں۔ اور بعض لوگ جو ان علوم سے واقفیت نہیں رکھتے۔ تو ان کے نزدیک سب کچھ فضول ہے۔ سب کچھ بے کار ہے۔ سب کچھ عبث ہے۔ حالانکہ ایسی بات نہیں ہے۔ اللہ پاک نے دنیا میں کوئی بھی چیز بے کار نہیں بنائی۔ عبث نہیں بنائی۔ بے فائدہ نہیں بنائی، فضول نہیں بنائی۔ یہ الگ بات ہے کہ ہمیں ان فائدوں کا علم ہے یا نہیں ہے۔ ہم ان فوائد سے واقفیت رکھتے ہیں یا نہیں رکھتے ہیں۔ بہرحال قارئین باقی دیگر تمام سیاروں کی طرح آپ سیارہ عطارد سے بھی بھرپور فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کے شرف سے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس کے اوج سے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور اس کے ہبوط سے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس کی تثلیث سے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس کی تسدیس سے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ عطارد کی تربیع سے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ عطارد کے مقابلے سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس کے قران سے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس کی استقامت سے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس کی رجعت سے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ میں کئی بار آپ سے عرض کر چکا ہوں کہ کسی بھی چیز کا کوئی ایک فائدہ نہیں ہوتا۔ ہر چیز کے اندر قدرت نے لاکھوں فوائد رکھے ہیں۔ اسی طرح ہر ستارے اور ہر سیارے میں بھی اپنے بندوں کے لیے اللہ پاک نے لاکھوں راز رکھے ہیں۔ لاکھوں فائدے اور منافع رکھے ہیں۔ میں نے یہ بھی کئی بار آپ سے عرض کیا ہے کہ ہم بعض اوقات صرف کسی سیارے کے شرف اور ھبوط سے ہی واقفیت رکھتے ہوتے ہیں۔ یا صرف شرف و ھبوط کا ہی نام سنا ہوتا ہے۔ یا صرف شرف وھبوط پر بھی ہمیں مضامین اور کالم دیکھنے اور پڑھنے کو ملتے ہیں۔ حالانکہ ایسا ہرگز نہیں ہے۔ جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں کہ عطارد کے شرف سے، عطارد کی اوج سے، عطارد کی تسدیس سے، عطارد کی تثلیث سے، عطارد کی تربیع سے، عطارد کے مقابلے سے، عطارد کے قران سے، عطارد کی حالت استقامت سے، عطارد کی ھبوط سے، عطارد کی رجعت سے یعنی ہر حالت سے ہم بے شمار فائدے، بے شمار منافع، بے شمار اپنے مقاصد حاصل کر سکتے ہیں۔ قارئین کرام، یہ موقع چونکہ عطارد کے شرف کا ہے تو سیارہ عطارد کے شرف سے آپ بہت سارے اچھے اچھے کام لے سکتے ہیں۔ شرف عطارد میں آپ ذہنی قابلیت بڑھانے، علم میں ترقی، حصول علم میں آسانی، ذہانت وفطانت اور قوت حافظہ، امراض سے شفایابی، افسران اور حکام بالا کی تسخیر، مقابلے کے امتحانوں میں اعلیٰ کامیابی اور دیگر بہت سارے مقاصد کے لیے الواحات، تعویذات، نقوش اور بہت ساری چیزیں تیار کر سکتے ہیں۔ اس بار اس ماہ میں شرف عطارد دو (2) مرتبہ آرہا ہے۔ آپ اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ قارئین اس بار ہم آپ کی خدمات میں پیش کر رہے ہیں۔ احساس کمتری کہتے ہیں اپنے آپ کو دوسروں سے کم تر اور حقیر سمجھنا، بے چارے اکثر لوگ احساس کمتری کا شکار ہیں۔

احساس کمتری دور کرنے کا روحانی علاج

یاباسط

یاباسط	یارافع	یانافع	یادافع
یادافع	یانافع	یاباسط	یادافع
یارافع	یاباسط	یادافع	یانافع

(بقیہ ص 49)

مفتیان اور علمائے کرام کے لئے اعمال

دار العمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ میں علمائے کرام اور مفتیان کرام کے لئے مخصوص اعمال سکھانے کا انتظام ہے۔ آج کل جس طرح شیطانی طاقتیں عروج پا رہی ہیں اور ہر طرف جادو، جنات اور شیاطین کے اثرات نظر آ رہے ہیں، اس سے پہلے نہیں تھے۔ اور یہ اثرات مزید بڑھتے چلے جائیں گے کیونکہ ہمارا معاشرہ دن بدن گناہوں کی دلدل میں دھنستا جا رہا ہے۔ مزید خرابی غلط اور فراڈ قسم کے عاملین یا روحانی معالجین نے پوری کر دی اور روحانی علاج جیسے مقدس شعبہ کو بدنام کر دیا۔ ایسے میں ضرورت ہے کہ علماء اور مفتیان کرام اس میدان میں آئیں اور روحانی علاج کا شعبہ سنبھالیں۔

- منزل (درجہ اول)
- منزل (درجہ دوم)
- دعائے حزب البحر
- دعائے حزب النصر
- آیت الکرسی کا خاص عمل (درجہ دوم)
- معوذتین کا خاص عمل (درجہ دوم)
- قصیدہ طوبی
- قصیدہ حسنی
- اسم ذات کا عمل
- عمل تہدیدی نامہ مبارک
- جادو اور جنات کے توڑ اور حفاظت کا خاص عمل
- نظر بد ختم کرنے کا عمل (درجہ دوم)
- آیت شفاء (درجہ دوم)

اعمال کی تفصیل کے لئے دیئے گئے لنک کو ملاحظہ فرمائیں۔

https://darulamal.org/ruhanidarsgah/amals/free/peoples/ulma_muftian.ht

بغیر فیس اعمال منگوانے سے پہلے دی گئی شرائط وہدایات اچھی طرح پڑھنے کے بعد اعمال منگوائیں۔ شرائط وہدایات کی تفصیل کے لئے دیئے گئے لنک کو ملاحظہ فرمائیں۔

روحانی درسگاہ دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
0309-7772775
0333-7772775 042-35420586
darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97 ruhanidarsgah

مفت روحانی خدمات برائے ستمبر 2023

رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے ارسال کریں۔ ایک کوپن ایک فرد کے لیے۔ شرائط پر پورا نہ اترنے والوں سے معذرت۔

نقدی و قیمتی سامان کی حفاظت

نقد رقم اور ہر طرح کے قیمتی سامان کی حفاظت کے لیے خاص قرآنی تعویذ حفاظت حاصل کریں۔

گھر میں موجود جادو، جنات کے اثرات سے نجات

جن گھروں میں اثر ہو، جس کمرے میں مریض سوتا یا رہتا ہو، ان کمروں میں یہ خاص نورانی تعویذ لگایا جائے۔

فراخی کاروبار

دکان یا کاروبار میں ترقی اور فراخی کے لیے جگہ پر لگانے اور پہننے کے خاص تعویذات حاصل کریں۔

مرگی سے نجات

مرگی کے مرض سے نجات حاصل کرنے کے لیے اکیس (21) یوم پر مشتمل خاص روحانی علاج استعمال کریں۔

عزیز و اقارب میں محبت

رشتہ داروں اور عزیز و اقارب کے درمیان ناچاقی / نفرت / غصہ ختم کرنے اور پیار و محبت پیدا کرنے کے لیے خاص نورانی علاج حاصل کریں۔

ضرورت کے اسباب کا بندوبست ہو جائے

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کی زندگی کی ضروریات کا آسانی کے ساتھ بندوبست ہو جایا کرے تو وہ اس خاص نورانی علاج کو حاصل کرے اور محنت کرے۔ ان شاء اللہ، مرضی کے مطابق نتیجہ نکلے گا۔

روحانی علاج گاہ
0342-7772772 042-35420586 ruhaniilajgah
0324-7772772 ruhaniilajgah
darulamal.org/ruhaniilajgah ruhaniilajgah@gmail.com

رشتہ ہوتے ہی جادو شروع ہو گیا

سوال میرا رشتہ میرے خالہ زاد سے طے ہوا ہے۔ وہ ملک سے باہر ہوتا ہے۔ میں کراچی میں ہوتی ہوں۔ اس کے والدین لاہور میں ہوتے ہیں۔ جس دن سے ہمارا رشتہ طے ہوا ہے، لگتا ہے اسی دن سے جادو شروع ہو گیا ہے۔ لڑکے کے گھر میں خون کے چھینٹے پڑتے ہیں۔ فرش دھویا، پھر دوبارہ خون کے چھینٹے پڑ گئے۔ مجھے خواب میں گوشت نظر آتا ہے۔ لڑکے کا مزاج ایک دم سے سخت ہو گیا ہے اور وہ شادی کی بات بھی نہیں کرتا۔ ہم نے جہاں سے بھی پتہ کروایا ہے، سب ہی نے جادو بتایا ہے مگر حالات علاج کے باوجود جوں کے توں ہیں۔ مہربانی فرما کر میری مدد فرمائیں۔ (ح، کراچی)

جواب روحانی تشخیص تو صحیح ہے کہ جادو کا ہی معاملہ ہے۔ اس کا فوری کسی عامل سے علاج کروائیں ورنہ رشتہ ٹوٹنے کا ڈر ہے۔ بہتر تو یہی ہے کہ لڑکے والوں سے بات کریں کہ آپ لوگوں پر جادو ہو رہا ہے، اس کا کسی عامل سے علاج کروائیں۔ کیونکہ یہ عام جادو نہیں اور دوسری بات کہ آپ خود دور ہیں۔ دور سے مضبوط اور ماہر عامل تو جادو کا علاج کر لیتے ہیں مگر عام لوگ نہیں کر سکتے۔ اور سب سے بڑا خطرہ یہ ہوتا ہے کہ عام بندہ اگر کوشش کرے گا تو وہ خود مبتلا ہو سکتا ہے۔

آپ کو ایک عمل دے رہا ہوں، اگر اس عمل کو کرتے وقت آپ کی اپنی طبیعت خراب ہونا شروع ہو جائے یا پھر حالات میں خرابی بڑھ جائے تو عمل چھوڑ دیجئے گا۔

۱ ...... تہجد کے وقت سورۂ طٰہٰ ایک بار پڑھیں، اول و آخر گیارہ بار درود شریف۔ پڑھ کر تصور میں لڑکے اور گھر پر دم کریں۔ یہ عمل باحصار کرنا ہے اور بدنی حصار لازمی کریں۔ منزل ایک بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کر کے عمل شروع کریں۔

۲ ...... روزانہ کچھ نہ کچھ صدقہ اس نیت سے دیں کہ اللہ ﷻ لڑکے والوں پر سے جادو کے مکمل اثرات ختم فرما دیں۔

گھر پر جادو کا وار

سوال میرے شوہر کی پھپھو ایک دن ہمارے گھر آئیں۔ جب سے وہ گئی ہیں، میری اور میرے شوہر کی بہت لڑائی ہو رہی ہے۔ ان کے جانے کے ایک دن بعد مجھے اور میری ساس کو ایک بچے کے رونے کی زور سے آواز آئی۔ اس وقت کمرے میں کئی لوگ موجود تھے مگر اور کسی کو آواز نہیں آئی۔ میری طبیعت بھی کافی خراب ہو رہی ہے۔ مجھے چیونٹی کے کاٹنے کا احساس ہوتا ہے۔ مجھے کیا کرنا چاہیے؟ رہنمائی فرمائیں۔ (م، اسلام آباد)

جواب آپ کا شک صحیح ہے کہ آپ کے گھر عمل ہوا ہے۔ میں کسی پر الزام نہیں لگا رہا۔ آپ علاج پر توجہ دیں۔ بہتر تو یہ ہے کہ کسی عامل کو گھر بلا کر اپنے گھر کی روحانی صفائی کروائیں۔ اس سلسلے میں آپ ہمارے ادارے کی خدمات بھی لے سکتی ہیں۔ اس سلسلے میں مولانا سلیم اللہ صاحب سے بات کر لیں۔ ان کا نمبر 0304-7772772 ہے۔

جب تک گھر کا عمل نہیں ہوتا، آپ کو جو روحانی علاج بھجوایا ہے، اس کو پابندی سے کریں۔

۱ ...... ایک تعویذ اسماء الحسنیٰ کا ہے۔ اس تعویذ کو اپنے گھر کے مرکزی کمرے میں مشرق کی جانب اس طرح لگائیں کہ اس کا رخ مغرب کی جانب ہو۔

۲ ...... گھر والے [illegible] کریں یا پھر کسی حافظ صاحب سے بات کر کے درج ذیل عمل پڑھوا لیں۔ پانی کافی تعداد میں ہو، چینی، نمک، اگربتیاں۔ جو بھی پڑھیں، ان سب چیزوں پر دم کریں۔ تین دن دم کرنے کے بعد ان کو استعمال کرنا شروع کریں۔ پانی پینا اور چھڑکنا ہے۔ چینی اور نمک بغیر دم والے میں ملا کر استعمال کرنی ہے۔ اگربتیوں کی دھونی پانی چھڑکنے کے فوری بعد پورے گھر میں دینی ہے۔ اس عمل کو اکیس (21) دن جاری رکھیں۔

پہلے دن: تین سو تیرہ (313) بار آیت الکرسی

پہلے دن: تین سو تیرہ (313) بار سورۂ فلق

پہلے دن: تین سو تیرہ (313) بار سورۂ ناس

”تمام مخلوق کے شر سے پناہ“ کی دعا کا عامل بنیں

خالد مقبول حفظہ اللہ

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

اس دعا کا عامل بننے کا طریقہ بہت آسان ہے۔ یہ عمل ہر کوئی کر سکتا ہے۔ اس دعا کا عامل بننے کے بعد عامل خود بھی اس سے فیض یاب ہوگا اور اپنے اہل وعیال، عزیز و اقارب اور مریضوں کو بھی فائدہ پہنچا سکے گا۔

عمل کے درجے

اس دعا کے عمل کے کل چھ (6) درجے ہیں۔ تین (3) درجے عوام کے لیے ہیں۔ چوتھے سے چھٹا درجہ صرف عاملین کے لیے ہے۔

پہلا درجہ: ذاتی فائدے کے لیے۔ اس درجے کو کرنے کے بعد عامل صرف اپنی ذات کے لیے اس عمل کو استعمال کر سکتا ہے۔

دوسرا درجہ: اپنے قریبی اور سامنے مریض کے فائدے کے لیے۔ اس درجے کو کرنے کے بعد عامل اپنے گھر والوں اور جو مریض سامنے آئے، اس کے لیے استعمال کر سکتا ہے، دور کے مریض کا علاج نہیں کر سکتا اور نہ ہی سخت مریض کا علاج کر سکتا ہے۔

تیسرا درجہ: دور کے مریض اور ہر طرح کے مریض کے لیے۔ اس درجے کو کرنے کے بعد عامل دور کے مریض اور سخت مریض کا بھی علاج کر سکتا ہے۔

چلّے کا طریقہ

اس عمل کو تیس (30) دن تک درج ذیل تعداد میں پڑھا جائے گا۔ وقت مقررہ پر عمل پڑھنا ہے۔ چلّہ کی دیگر شرائط بھی پوری کریں۔

پہلا درجہ: بیالیس (42) مرتبہ، اول وآخر ایک (1) بار درود شریف۔

دوسرا درجہ: تین سو ستاون (357) مرتبہ، اول وآخر گیارہ بار درود شریف۔

تیسرا درجہ: پانچ سو (500) مرتبہ، اول وآخر گیارہ بار درود شریف۔

ملفوظی تعویذ

اعوذبکلمات	اللہ التامات	من شر	ما خلق
ما خلق	من شر	اللہ التامات	اعوذبکلمات
اللہ التامات	اعوذبکلمات	ما خلق	من شر
من شر	ما خلق	اعوذبکلمات	اللہ التامات

یہ آتشی مربع چال ہے۔ باقی چالیس عاملین خود بنالیں۔

عددی تعویذ

۷۸۶

۸۸۵	۸۹۸	۸۹۵	۸۹۲
۸۹۶	۸۹۱	۸۸۶	۸۹۷
۸۹۰	۸۹۳	۹۰۰	۸۸۷
۸۹۹	۸۸۸	۸۸۹	۸۹۴

یہ آتشی مربع چال ہے۔ باقی چالیس عاملین خود بنالیں۔

فوائد

ہر طرح کی مخلوق کے شر سے حفاظت...... انسان، جنات، آسیب، شیاطین، دشمن، جادوگر، ڈاکو، چور، لٹیرے، دھوکہ باز، ہر قسم کے جانور، ہر قسم کے حشرات الارض، ہر قسم کے پرندے وغیرہ۔

اجازت چلّہ کشی

پہلا درجہ: اس کی اجازت کا کوئی ہدیہ نہیں۔ یہ عوام کے بغیر فیس والے اعمال میں سے ہے۔

دوسرا درجہ: دوسرا درجہ علمائے کرام اور روحانی درس گاہ کے شاگردوں کے لیے بغیر فیس ہے۔ باقی افراد کے لیے 1100 روپے ہدیہ ہے۔

تیسرا درجہ: سب کے لیے ہدیہ 1100 روپے۔

ذہنی اور جسمانی بیماریوں کے روحانی علاج

حضرت مولانا حسن الہاشمی رحمہ اللہ (دیوبند)

خوف و دہشت سے دور رہنے کیلئے

جو شخص کسی سے ڈرتا ہو وہ مغرب کی نماز کے بعد دو (2) رکعت نفل پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی پڑھے۔ دوسری رکعت کے آخری سجدے میں آیت الکرسی تین (3) بار پڑھے اور "وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ" کو ہر بار تین تین (3،3) بار پڑھے۔ اس کے بعد نماز سے فارغ ہو کر خدا سے امن و عافیت کی دعا کرے۔ ان شاء اللہ چند روز کے بعد اس کے دل سے ڈر، خوف اور دہشت و سراسیمگی بالکل ختم ہو جائے گی اور وہ خود اپنے اندر ہمت اور شجاعت محسوس کرے گا۔

مرگی دور کرنے کیلئے

اگر مرگی کے مریض پر گیارہ (11) مرتبہ آیت الکرسی تین (3) روز تک برابر پڑھ کر دم کر دیا جائے تو مرگی ان شاء اللہ ہمیشہ کیلئے ختم ہو جائے گی اور حیرت انگیز طور پر شفاء ہوگی۔

جسمانی امراض کے لیے

اگر کسی مہلک بیماری کا شکار ہو تو گیارہ (11) مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر روزانہ اپنے اوپر دم کر لے اور گیارہ (11) مرتبہ پانی پر دم کر کے اس پانی کو صبح و شام پی لے۔ ان شاء اللہ، چند ہی روز میں مرض سے نجات ملے گی۔

غیض و غضب کا علاج

جب کسی کو غصہ آ رہا ہو اور وہ چاہتا ہو کہ غصے کی شدت سے بچے تو ایک (1) بار آیت الکرسی پڑھ کر اپنے بائیں طرف تھوک دے۔ غصہ فوراً کافور ہو جائے گا اور دماغ میں سکون پیدا ہوگا۔

بیری کا عمل برائے خطرناک امراض

اگر کسی مریض کا مرض سمجھ میں نہ آتا ہو، مریض کی حالت دن بدن گرتی جا رہی ہو، ایسے وقت یہ عمل کریں۔ سات (7) پتے بیری کے سورج نکلنے سے پہلے توڑ کر لائیں اور ان کو باریک پیس لیں۔ یہ کام باوضو انجام دیں۔ پھر پسے ہوئے پتوں کو پانی میں ملا دیں اور اپنے ہاتھ سے خوب پانی میں نہیں تحلیل کریں اور ہاتھ چلاتے وقت آیت الکرسی سات (7) مرتبہ پڑھیں اور پھر پانی پر دم کر دیں اور مریض کو اس پانی سے نہلا دیں۔ اور سات (7) روز تک متواتر یہی عمل کریں۔ ان شاء اللہ کتنا بھی خطرناک مرض ہوگا، مریض کو اس سے نجات مل جائے گا۔

عشق و محبت سے نجات

جو شخص کسی پر عاشق ہو اور عشق میں دیوانہ ہو اور اسے اس عشق سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو اور اس کے رشتہ دار چاہتے ہوں کہ عشق کا بھوت اتر جائے تو اس شخص کا علاج آیت الکرسی سے کریں۔ ایک (1) چینی کی بڑی پلیٹ لیں اور اس پر گلاب و زعفران سے پانچ (5) مرتبہ آیت الکرسی لکھیں اور اس کا نام بھی لکھیں جس کی محبت میں وہ گرفتار ہے۔ اس پلیٹ کو لکھ کر کھلے آسمان کے نیچے رکھ دیں اور صبح کو اس پلیٹ کو دھو دیں اور یہ پانی نہار منہ اس عاشق کو پلا دیں۔ ایسا لگاتار تین (3) دن کریں۔ عشق کا بخار اتر جائے گا۔

طحال اور درد سر کیلئے

مرض طحال میں آیت الکرسی لکھ کر پیٹ پر باندھے تو خدا کے فضل سے شفاء نصیب ہوگی۔ اسی طرح سر کے درد کے لئے آیت الکرسی لکھ کر سر میں باندھے۔ کیسا بھی درد ہوگا، فوراً ان شاء اللہ ٹھیک ہو جائے گا۔ اگر کسی بھی بیماری میں آیت الکرسی سات (7) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا جائے گا تو شفاء نصیب ہو۔

پورا سال خوش رہنے کا وظیفہ

شاہ محمد غوث گوالیاری رحمۃ اللہ علیہ

شاہ محمد غوث گوالیاری رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں: ''جو کوئی اس وظیفے کو ربیع الاول کی بارہویں کو پڑھے گا، تمام سال خوش رہے گا۔''

وہ وظیفہ یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم = 7 بار

یَا اَللّٰہُ = 7 بار

یَا رَحْمٰنُ = 7 بار

یَا غَفُوْرُ = 7 بار

یَا رَحِیْمُ = 7 بار

یَا حَنَّانُ = 7 بار

یَا مَنَّانُ = 7 بار

یَا دَیَّانُ = 7 بار

یَا سُبْحَانُ = 7 بار

(ملخصاً اصلی جواہر خمسہ کامل پانچ جوہر، صفحہ 101)

زیارت رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

زیارت رسول اللہ ﷺ: جو کوئی ربیع الاول کی پہلی شب نماز عشاء کے بعد سولہ (16) رکعت نفل نماز دو دو (2،2) رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین تین (3،3) مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ جب تمام نوافل ادا کرے تو نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ قبلہ رخ بیٹھے بیٹھے ایک ہزار (1000) مرتبہ یہ درود پاک پڑھے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ۔ پڑھنے کے بعد باوضو حالت میں ہی پاک صاف بستر پر بغیر کسی سے کوئی کلام کیے سو جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت کا شرف حاصل ہوگا۔

قصیدہ حسنیٰ: ربیع الاوّل کا خاص عمل

حضرت مولانا محمد موسیٰ روحانی بازی نوراللہ مرقدہٗ

قصیدۂ حسنیٰ پڑھنے کے فوائد بیشمار ہیں۔ اسماء نبویہ کی برکت سے ہر حاجت پوری ہوگی ان شاء اللہ تعالیٰ۔ چند اہم فوائد یہ ہیں۔

(1) ہر قسم کی بیماری سے باذن اللہ شفاء (2) مقدمات میں فتح (3) دشمنوں کے شر سے حفاظت (4) ملازمت میں ترقی (5) افسران بالا مسخر (6) ماتحت عملہ تابع (7) تجارت میں ہر قسم کی رکاوٹ دور ہو کر بڑا نفع ہوگا (8) میاں بیوی میں محبت ہوگی، بیوی پڑھے تو خاوند تابع ہوگا اور خاوند پڑھے تو بیوی فرمانبردار ہوگی (9) سفر بخیر ختم ہو کر بخیر واپسی ہوگی (10) طالب علم کا ذہن تیز و حافظہ بڑھے گا (11) نیک اعمال کی توفیق ملے گی (12) دلوں کی تسخیر کیلئے بہت مفید ہوگا (13) غیر شادی شدہ کی جلد شادی ہوگی (14) رزق میں فراخی اور جادو سے بند کیا ہوا کاروبار پہلے سے زیادہ چالو ہو گا (15) جنات و سحر کا اثر دور ہوگا (16) بے اولاد و عقیمہ عورت پڑھے تو اللہ تعالیٰ اولاد نصیب فرمائیں گے (17) گمشدہ چیز مل جائے گی (18) گھر سے بھاگا ہوا شخص جلد واپس آجائے گا (19) جس کے بچے پیدا ہو کر مر جاتے ہیں تو وہ ان شاء اللہ زندہ رہیں گے (20) امتحان میں کامیابی ہوگی (21) دلوں کا وسوسہ اور خوف و بے اطمینانی دور ہو جائے گی (22) استحضارِ قلب سے بار بار پڑھے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت دل میں بڑھے گی اور خواب میں آپ ﷺ کی زیارت ہوگی۔

عامل بننے کے بغیر بھی یہ فائدہ حاصل ہوں گے، ان شاء اللہ تعالیٰ۔ لیکن عامل بننے سے تاثیر بہت زیادہ ہوتی ہے۔ قصیدۂ حسنیٰ کے عامل بننے کے کئی طریقے ہیں۔ ماہ ربیع الاول میں تین (3) دن اعتکاف کر کے روزہ رکھے۔ ایام اعتکاف میں روزانہ پندرہ (15) مرتبہ پڑھے۔

پڑھنے والے حضرات سے درخواست ہے کہ (مصنف) حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ اور حضرت کی اولاد و اہل خانہ کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

روحانی دکان کے تیار روحانی علاج

تیار روحانی علاج کے ساتھ مکمل طریقہ استعمال دیا جاتا ہے۔ مریض اور روحانی معالجین اعتماد سے منگوا کر استعمال کر سکتے ہیں۔

QI-DS11 جن، شیطان و آسیب سے متاثرہ مریض کا علاج — ہدیہ 2100 روپے

ایک ایسا علاج جس کو استعمال کرنے سے مریض کے جسم اور اس کے رہائشی کمرے سے ہر طرح کے جن، شیطان و آسیب کے اثرات ختم ہو جاتے ہیں۔ چالیس یوم پر مشتمل تیار روحانی علاج۔

QI-DS05 ہائی بلڈ پریشر کا روحانی علاج — ہدیہ 2100 روپے

ہائی بلڈ پریشر (بلند فشار خون) کے لیے چالیس یوم پر مشتمل تیار روحانی علاج۔ ان شاء اللہ، مریض کو مکمل شفاء حاصل ہو گی یا بہت حد تک وہ ہائی بلڈ پریشر کی تکلیف سے نجات پالے گا۔

NI-DS05 عزیز و اقارب میں محبت — ہدیہ 900 روپے

رشتہ داروں اور عزیز و اقارب کے درمیان نا چاقی / نفرت / غصہ ختم کرنے اور پیار و محبت پیدا کرنے کے لیے خاص نورانی علاج حاصل کریں۔

NI-DS26 حصولِ اولاد — ہدیہ 2100 روپے

اگر اولاد نہ ہو رہی ہو، حمل نہ ٹھہر رہا ہو، بہت ر علاج کروا لیا ہو لیکن نا کامی ہو رہی ہو تو اکیس یوم پر مشتمل تیار روحانی علاج سے فائدہ اٹھائیں۔ اگر اولاد جادو، جنات، شیاطین، نظر بد کی وجہ سے نہ ہو رہی ہو تو بھی اسی علاج سے ان شاء اللہ، کامیابی ملے گی۔ اگر کوئی طبی مسئلہ نہ ہو اور اولاد نہ ہو رہی ہو تو بھی ان شاء اللہ، اولاد ہو گی۔ البتہ اگر کوئی طبی مسئلہ ہو تو اس روحانی علاج کے ساتھ طبی علاج بھی ضرور کروائیں۔

بزرگانِ دین سے منسوب تعویذات

بزرگان دین، علمائے کرام، مشائخ عظام کے تجویز کردہ مختلف مقاصد کیلئے تیر بہدف، مجرب، زوراثر تعویذات۔ درج ذیل بزرگان دین کے تعویذات دستیاب ہیں۔ صرف بزرگوں کے نام دیں گئے ہیں۔ تعویذات کی مکمل تفصیل پی ڈی ایف میں دی گئی ہے۔

٭ شیخ العالمین استاذ العلماء والعالمین عارف باللہ استاذ محترم حضرت مولانا محمد امان اللہ نقشبندی قادری نور اللہ مرقدہ ٭ امام ربانی شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نور اللہ مرقدہ ٭ شاہ عبد العزیز محدث دہلوی نور اللہ مرقدہ ٭ شاہ رفیع الدین نور اللہ مرقدہ (سابق مہتمم، دار العلوم دیوبند) ٭ حاجی امداد اللہ مہاجر مکی نور اللہ مرقدہ ٭ حضرت مولانا یعقوب نانوتوی نور اللہ مرقدہ (اوّلین صدر مدرس، دار العلوم دیوبند) ٭ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی نور اللہ مرقدہ ٭ حکیم الامت مجدد ملت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہ (سرخیل اعظم مسلک علماء دیوبند) ٭ ولی کامل حضرت مولانا سید اصغر حسین نور اللہ مرقدہ (سابق محدث دار العلوم دیوبند) ٭ حضرت مولانا انور شاہ کشمیری نور اللہ مرقدہ (سابق شیخ الحدیث، دار العلوم دیوبند) ٭ حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمن نور اللہ مرقدہ (سابق مفتی اعظم دار العلوم دیوبند) ٭ حضرت مولانا یٰسین نور اللہ مرقدہ (سابق مدرس، دار العوم دیوبند) ٭ حضرت مولانا اعزاز علی نور اللہ مرقدہ (سابق شیخ الادب والفقہ دار العلوم دیوبند) ٭ عارف باللہ حضرت مولانا عابد حسین نور اللہ مرقدہ (یکے از بانیان دار العلوم دیوبند) ٭ حضرت مولانا قاری طیب نور اللہ مرقدہ (سابق مہتمم دار العلوم دیوبند) ٭ مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی محمد شفیع نور اللہ مرقدہ ٭ حضرت مولانا احمد رضا خان نور اللہ مرقدہ ٭ حافظ الحدیث حضرت مولانا عبد اللہ درخواستی نور اللہ مرقدہ ٭ حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ نور اللہ مرقدہ ٭ حضرت مولانا محمد ہاشم نور اللہ مرقدہ (والد محترم حضرت مولانا حسن الہاشمی رحمۃ اللہ علیہ) ٭ حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی مدظلہ

پی ڈی ایف کے لئے لنک پر جائیں۔

https://bit.ly/3nTdnXj https://bit.ly/3MuuOrq

جانور اور حشرات الارض کے کاٹے کا روحانی علاج

صوفی محمد ایاز اسلمی اویسی مدظلہ (کراچی)

سانپ یا بچھو کا کاٹنا

سات (7) مرتبہ پڑھ کر جہاں سانپ یا بچھو نے کاٹا ہو، وہاں انگلی سے لب لگائیں۔ ایک دن میں تین (3) مرتبہ یہ دم کریں۔ چھ (6) دم میں مکمل زہر کا اثر ختم ہوجائے گا۔

حشرات الارض، سانپ وغیرہ کا روکنا

اگر کسی گھر میں حشرات الارض ہوں اور ختم نہ ہوتے ہیں تو چالیس (40) کنکریاں لے کر ہر کنکری پر ایک ایک (1،1) مرتبہ چہل کاف پڑھیں۔ ان کنکریوں کو گھر کے چاروں کونوں میں دس دس (10،10) دفنا دیں۔ ان شاء اللہ گھر سے تمام کیڑے مکوڑے ختم ہوجائیں گے۔

بھڑ بچھو کے کاٹے کا علاج

جہاں بھڑ یا بچھو نے کاٹا ہو، وہاں ایک (1) بار پڑھ کر دم کریں اور پانی پر دم کر کے پلائیں۔

مار گزیدہ کیلئے

ماچس والی تیلیوں کا مصالحہ لے کر سات (7) مرتبہ چہل کاف پڑھ کر دم کریں۔ مصالحے کا سفوف بنائیں اور ڈنک والی جگہ پر لگادیں۔ درد و زہر دونوں ختم ہوجائیں گے۔

سگ گزیدہ کیلئے

سات مرتبہ بائیں ہاتھ پر دم کر کے مقام گزیدہ کو پھونک مار کر جھاڑیں اور سات بار پانی پر دم کر کے بائیں ہاتھ سے پلائیں۔ سات روز یہ عمل کریں۔

چور معلوم کرنے کے عملیات

حاجی محمد جان نیازی

چور روٹی کھا کر زمین پر گر جائے

ایک روغنی روٹی پر مندرذیل آیت لکھ کر ملیدہ بنا کر اس پر ایک (1) مرتبہ یٰسین، اول و آخر پڑھ کر دم کریں۔ مشتبہ لوگوں کو ایک ایک (1،1) لقمہ کھلائیں۔ چور زمین پر گر جائے گا۔ زکوٰۃ شرط ہے۔ (دیکھیں کنز الحسین ۲/۲۵)

آیت کریمہ یہ ہے:

فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (یٰس: ۵۴)

خواب میں چور نظر آئے

مندرجہ ذیل اسمائے مبارکہ کاغذ پر لکھ کر تکیہ کے نیچے رکھ کر سو جائے۔ خواب میں چور کی صورت نظر آئے گی۔

نوح لوط صالح ابراھیم موسیٰ وعیسیٰ ومحمد صلی اللہ علیہ وعلیہم السلام۔

چور بچھڑے پر ہاتھ رکھے تو بچھڑا شور مچائے

مندرجہ ذیل آیت و دعا لکھ کر بچھڑے کی گردن میں باندھیں۔ مشتبہ اشخاص بچھڑے کی پشت پر ہاتھ رکھے۔ باری باری ہاتھ رکھنا ہے۔ چور جب ہاتھ رکھے گا، بچھڑا شور کرے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَذِلَّةٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُفْتَرِيْنَ (الاعراف: ۱۵۲)۔ وَ ذَرَ الَّذِيْنَ فِي السَّمَآءِ عَبِدُوْنَ كَانُوْا يُنْفِقُوْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

نوٹ: جو چور معلوم ہو، اس پر یقین کا درجہ نہ دیا جائے، گمان کا درجہ دے کر تحقیقات کریں۔ خ

مقالہ: کرشمہ علم الاعداد

تحریر: پیر حکیم ایم اے قریشی گولڈ میڈلسٹ (ملتان)

نقشہ اعداد قمری

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز
1	2	3	4	5	6	7
ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
8	9	10	20	30	40	50
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش
60	70	80	90	100	200	300
ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
400	500	600	700	800	900	1000

جدول اعداد ایام فارسی

شنبہ	یکشنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ	چہار شنبہ	پنج شنبہ	جمعہ
۳۵۷	۳۸۷	۳۶۷	۴۶۶	۵۶۶	۴۱۲	۱۱۸

نوٹ

اردو میں کچھ زائد حروف استعمال ہوتے ہیں۔ مثلاً پ۔ چ۔ ژ۔ گ ان حروف کے لیے یہ خیال رکھنا ضروری ہے کہ پ ب میں شامل، چ ج میں شامل، ک گ میں شامل اور ژ ز میں شامل ہے اور یہ بھی یاد رکھیں کہ جو حروف لکھنے میں آتے ہیں، اعداد انہیں کے شمار ہوں گے۔ بعض لوگ تشدید والے حرف دونوں شمار کرتے ہیں یہ طریقہ غلط ہے تشدید والا ایک حرف شمار ہوگا۔

مریض کے متعلق استخارہ علم الاعداد

مریض کے متعلق یہ معلوم کرنا ہو کہ اس کو جسمانی مرض ہے یا سحر جادو کسی نے کیا ہے یا آسیب وغیرہ کا خلل تو نہیں ہے تو اس کے بارے میں معلوم کرنے کے لیے یہ طریقہ اختیار کرنا چاہیے کہ مریض کے نام کے حروف نکال کر اور جس دن مریض نے سوال کیا ہو اس دن کے اعداد نکال کر دونوں اعداد کو جمع کرلیں پھر حاصل جمع کو چار سے تقسیم کرلیں اگر تین باقی بچیں تو آسیب کا خلل ہے اور اگر دو باقی بچیں مرض جسمانی ہے اور اگر ایک باقی بچیں تو اندرونی بخار ہے اور چار سے برابر تقسیم ہو جائے تو سحر جادو ہے۔

علم الاعداد کے ذریعے سوالوں کے جوابات

س: کسی شخص کی حالت کے بارے میں کوئی سوال پوچھے کہ کس حال میں ہے؟

ج: اعداد نام سائل اور اس دن کے اعداد جمع کر کے تین (3) پر تقسیم کرے، اگر ایک (1) بچے عیش میں ہے، اگر دو (2) بچیں زندہ ہے مگر تکلیف میں ہے اور تین (3) بچیں بہت نازک حالت میں ہے۔

س: اگر سوال ہو کہ دو (2) آدمی اکٹھے ہوں گے کہ نہیں؟

ج: نام سائل اور اس دن کے اعداد جمع کر کے دو (2) پر تقسیم کرے اگر ایک (1) باقی رہے نہیں اور دو (2) بچیں ہاں۔

س: عورت سے شادی کی موافقت کے بارے میں سوال ہو کہ محبت ہو گی یا نہیں؟

ج: نام سائل مع والدہ نام عورت مع والدہ نکال کر سب کو جمع کرے، تین (3) سے تقسیم کرلے، اگر ایک (1) بچے موافقت ہوگی، اگر دو (2) بچیں نہیں اور تین (3) بچیں عورت کے صالح ہونے کی علامت ہے۔

س: اگر سوال ہو کہ مال کہاں سے ملے گا؟

ج: سائل اور اس دن کے اعداد نکال کر جمع کرے، سات سے تقسیم کریں۔ اگر ایک باقی ہو تو عورتوں سے جو لکھنے کا کام کرتی ہیں وغیرہ اور اگر دو بچیں مردوں سے اور تین بچیں زمین کی پیداوار سے۔ اگر چار بچیں سفر کرنے سے۔ اگر پانچ بچیں میراث ترکہ سے۔ اگر چھ بچیں تجارت سے اور اگر سات بچیں قرض سے۔

س: اگر سوال ہو کہ فلاں شخص دوستی سے پیش آئے گا یا نہیں؟

ج: سائل کے نام کے اعداد اور اس دن کے اعداد نکال کر جمع کر کے چار

سے تقسیم کریں۔ اگر ایک باقی ہو تو جانی دشمن اگر دو باقی ہوں تو دوستی ضرور ہو۔ اگر تین بچے ظاہر میں دوستی و محبت اور باطن میں دلی دشمنی۔ اگر چار بچیں ہر طرح ظاہر و باطن محبت دوستی ہو۔

س: اگر مریض کی صحت کے متعلق ہو کہ صحت یاب ہوگا کہ نہیں؟

ج: مریض اور مریض کی ماں کے نام کے اعداد جس دن سوال ہو رہا ہو اس دن کے اعداد جمع کر کے تین سے تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے تو مرض سخت ہے، دشواری سے صحت پائے۔ اگر دو بچیں مرض درمیانہ ہے، علاج کرانے سے شفاء ہو جائے گی۔ اگر تین بچیں یہ برابر علامت منقطع کی ہے، خواہ مرض جسمانی ہو جادو ہو یا آسیب وغیرہ کا خلل ہو۔

س: زوجہ اور خاوند کے متعلق سوال ہو کہ انتقال کس کا پہلے ہوگا؟

ج: شوہر اور بیوی اور دونوں کے والدین کے نام کے اعداد نکال کر اور مسئولہ دن کے اعداد نکال کر دو سے تقسیم کریں۔ اگر ایک بچیں پہلے مرد کا اور اگر دو بچیں پہلے زوجہ کا۔

س: حاملہ کے بارے میں سوال ہو کہ حمل میں لڑکا ہوگا یا لڑکی؟

ج: حاملہ کے نام کے اعداد نکال کر اور مسئولہ دن کے اعداد نکال کر تین سے تقسیم کریں۔ اگر ایک باقی ہو تو لڑکا اور دو باقی ہوں تو لڑکی اور اگر تین بچیں حمل کے ضائع ہونے کی علامت ہے۔

س: اگر سوال کرے حمل زن تمام ہوگا یا ضائع ہوگا؟

ج: حاملہ اور مسئولہ دن کے اعداد جمع کر کے دو سے تقسیم کریں۔ اگر ایک باقی بچیں حمل تمام ہو بچہ صحیح سلامت پیدا ہوگا اور اگر دو بچیں قبل از وقت حمل کے ضائع ہونے کی علامت ہے۔

س: عورت کے متعلق سوال ہو کہ حمل ہے یا نہیں؟

ج: عدد اس عورت کے نام کے اور اس دن کے عدد جمع کر کے تین سے تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے عورت حاملہ ہے۔ اگر دو بچیں نہیں۔ اگر تین بچیں حمل تھا مگر غائب ہو گیا۔

س: حاکم کے بارے سوال ہو کہ ظالم ہے یا عادل؟

ج: نام حاکم اور مسئولہ دن کے عدد جمع کریں پھر تین سے تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے حاکم عادل ہے اور دو بچیں حاکم ظلم و عدل میں میانہ روی اختیار کئے ہوئے ہے اور اگر تین بچیں ظالم ہے۔

س: عورت اور مرد کے ملاپ کے بارے میں سوال ہو کہ ملاپ ہوگا یا نہیں؟

ج: عورت اور مرد مع والدہ اور مسئولہ دن کے عدد نکال کر پانچ سے تقسیم کریں۔ اگر تین باقی بچیں دونوں کا آپس میں ملاپ ہوگا اور دوستی قائم رہ سکے گی اور اگر دو یا چار رہیں ہرگز نہیں۔

س: اگر مقدمہ کے متعلق سوال ہو کہ فلاں سے رنجش چل رہی ہے اور مقدمہ کیا ہوا ہے اس کا انجام کیا ہوگا؟

ج: عدد نام اس روز کے اور دونوں مدعی اور مدعا علیہ کے ناموں کے عدد سب جمع کر کے چار سے تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے سائل غالب آئے اور دو بچیں اس کے برعکس، تین بچیں صلح کی امید ہے اور چار بچیں رنجش و خصومت زیادہ ہونے کی علامت ہے۔

س: اگر سوال ہو کہ کون سا کام کروں جس سے فائدہ پہنچے گا؟

ج: عدد سائل اور مسئولہ دن کے اعداد نکال کر چار سے تقسیم کریں۔ ایک بچے تو ایسی تجارت سے جو زمین سے پیدا ہوتی ہے اور اگر دو بچیں کھیتی اور زراعت وغیرہ سے اور اگر تین بچیں تجارت پارچہ وغیرہ سے اور اگر چار بچیں نوکری اور ملازمت سے مال ہاتھ آئے گا۔

س: اگر سوال ہو کہ فلاں کے ساتھ شرکت مفید ہوگی یا نہیں؟

ج: نام سائل اور مسئولہ دن کے اعداد کو جمع کرے، دو پر تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے تب شرکت بری ہے، نہ کریں اور اگر دو بچیں شرکت اس کے حق میں مفید ہوگی کریں۔

س: اگر سوال ہو کہ سفر کروں یا نہ کروں؟

ج: نام سائل اور عدد یوم سب کو جمع کرے، دو سے تقسیم کرے۔ اگر ایک بچے سفر نہ کرے اور دو بچیں کریں۔

س: اگر سوال ہو کہ سفر میں فائدہ ہوگا کہ نہیں؟

ج: سائل اور مسئولہ دن سب کو جمع کر کے تین سے تقسیم کرے۔ اگر ایک

بچے نقصان اور اگر دو بچیں نفع اور تین بچیں حکم اوسط ہے۔

س: اگر سوال ہو کہ گریختہ کس سمت ہے؟

ج: مندرجہ بالا طریقہ سے اعداد نکال کر تین گنا کرے یعنی تین سے ضرب دے اور حاصل اعداد کو چار سے تقسیم کرے۔ ایک بچے تو مشرق، دو بچے تو مغرب، تین بچے تو شمال اور چار بچیں جنوب کی سمت ہے۔

س: اگر سوال ہو کہ مال مسروقہ ملے گا یا نہیں؟

ج: سائل اور مسئولہ دن کے عدد نکال کر دو سے تقسیم کرے۔ اگر ایک بچے نہیں اور دو بچیں ہاں۔

س: اگر سوال ہو کہ چور مرد ہے کہ عورت؟

ج: سائل اور مسئولہ دن سب کو جمع کریں پھر دو سے تقسیم کریں۔ اگر ایک باقی رہے مرد اور اگر دو باقی رہیں عورت۔

س: اگر سوال چور کے رنگ وغیرہ کا کریں؟

ج: مندرجہ بالا طریقہ سے اعداد نکال کر تین سے تقسیم کریں۔ اگر ایک بچیں رنگ سفید مائل سبز اور دو بچیں رنگ سرخ مائل بہ سبزی اور تین بچیں رنگ گندمی سانولہ ہے۔

س: اگر سوال ہو کہ یہ خبر صحیح ہے یا جھوٹ؟

ج: نام سائل اور مسئولہ دن کے عدد نکال کر حاصل عدد کو دو سے تقسیم کرے۔ اگر ایک بچے جھوٹ اور اگر دو بچیں صحیح

س: اگر سائل کسی غائب کے متعلق سوال کرے کہ اس کی حالت کس طرح ہے؟

ج: نام سائل اور مسئولہ دن کے عدد نکال کر چار سے تقسیم کرے۔ اگر ایک بچے قید میں ہے، اگر دو بچے جلد واپس آئے گا، اگر تین بچے ہرگز واپس نہ آئے گا، اگر چار بچے دو ہفتہ یا دو ماہ یا دو سال میں واپس آجائے گا یا خیریت کی خبر پہنچے گی۔

س: اگر غائب کے زندہ یا مردہ کے متعلق سوال کرے؟

ج: نام غائب والدہ اور اس روز کے اعداد کر کے دو سے تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے مردہ اور دو بچے زندہ ہے۔

س: اگر سوال کرے غائب واپس آئے گا یا نہیں؟

ج: مندرجہ بالا طریقہ سے عدد نکال کر دو سے تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے نہیں آئے گا، اگر دو بچے آئے گا۔

س: اگر سوال کرے یہ امید پوری ہوگی کہ نہیں؟

ج: نام روز یا نام سائل کے اعداد جمع کر کے دو سے تقسیم کریں۔ اگر ایک باقی رہے بر آئے گی، اگر دو بچے نہیں اور کس تدبیر سے بر آئے گی، اس کے لیے مندرجہ بالا اعداد کو تین سے ضرب دے کر چار سے تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے پارچہ سے، دو بچے چاندی کی تجارت سود مند ہوگی، اگر تین بچے حیوانات کی تجارت سے اور چار بچے بے سود ہے۔

س: اگر سوال ہو کہ اس دوا سے فائدہ ہوگا یا نہیں؟

ج: تمام ادویات اور مسئولہ دن کے اعداد نکال کر تین سے تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے فائدہ مند ہے، دو بچے درمیانہ حکم ہے یعنی نہ نقصان نہ مفید۔

س: اگر سوال کریں کہ عورت نیک ہے یا بدکار؟

ج: عورت مع والدہ کا نام اور مسئولہ دن کے اعداد نکال کر چار سے تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے ظاہر نیک، اگر دو بچے باطن دشمنی اور اگر تین بچے ظاہر میں خلاف ہو۔

س: چور کے متعلق سوال ہو کہ چور گھر کا ہے یا باہر کا ہے؟

ج: اعداد نام مالک اور شئے و مسئولہ دن کے اعداد نکال کر تین پر تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے چور گھر کا ہے، دو بچے ہمسایہ ہے، تین بچے بیگانہ ہے۔

بقیہ (ص 39): شرف عطارد، احساس کمتری ختم کرنے کا زبردست روحانی علاج

یا نافع	یا دافع	یا باسط	یا رافع

یا رافع

لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم بحق یا خالق

الٰہی! ان اسماء الحسنیٰ کی برکت سے فلاں بن فلاں کے دل ودماغ سے احساس کمتری کو ختم فرمائیے! آمین

پیٹ میں گیس کا سبب بننے والی آپ کی بری عادات

مرسلہ: مولانا عبدالرحمن مدظلہ (قطر)

اگر پیٹ میں گیس بھر جائے تو انسان بہت زیادہ اذیت اور تکلیف کا شکار ہو جاتا ہے۔ کبھی کوئی ٹوٹکا اپنایا جاتا ہے تو کبھی کوئی کام کیا جاتا ہے۔ پیٹ میں گیس بھر جانے کی کئی وجوہات ہیں اور اگر انسان وہ کام ہی نہ کرے جن سے یہ مصیبت نازل ہوتی ہے تو کیا ہی اچھا ہے۔ آیئے دیکھتے ہیں کہ وہ کام کون سے ہیں جن سے بچ کر آپ صحت مند زندگی کا لطف اٹھا سکتے ہیں۔

تیزی میں کھانا

جب آپ تیزی سے کھاتے ہیں تو کھانے کو بہتر طریقے سے نہیں چباتے جس سے ہوتا یہ ہے کہ کھانے کے بڑے بڑے ٹکڑے پیٹ میں جاتے ہیں اور انہیں ہضم ہونے میں وقت لگتا ہے اور گیس پیدا ہوتی ہے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ آپ آرام سے اور کھانے کو اچھی طرح چبا کر کھائیں۔

سوڈا اور کولڈ ڈرنک

آج کل یہ ہر بندے کی عادت بنتی جا رہی ہے کہ وہ کھانے کے ساتھ سوڈا یعنی کوک اور پیپسی کا استعمال ضرور کرتا ہے۔ جب یہ زہر آپ کے معدے میں جاتا ہے تو اس میں موجود بلبلے آپ کے معدے کی سوجن کا باعث بنتے ہیں اور گیس بننا شروع ہو جاتی ہے۔ ڈائٹ کوک تو گیس بنانے میں انتہائی خطرناک کردار ادا کرتی ہے۔ اگر آپ اس عادت سے چھٹکارا نہیں پا سکتے تو کم از کم یہ کام ضرور کریں کہ بوتل کو کھولنے کے بعد تھوڑی دیر پڑا رہنے دیں تا کہ اس میں موجود کاربونیشن کم ہو جائے اور آپ کے پیٹ میں بھی گیس کم بنے۔

سینڈوچ کا استعمال

تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ سینڈوچ میں انتہا درجے کی سوڈیم موجود ہوتی ہے جو گیس بناتی ہے لہٰذا اس عادت کو کم سے کم کر دیں۔

پیک ہوئے کھانے کا استعمال

جیسا کہ ابھی بتایا گیا ہے کہ اگر کھانے میں سوڈیم کی زیادہ مقدار شامل ہو جائے تو یہ پیٹ میں گیس بم بن جاتا ہے۔ بازار سے ملنے والے ڈبہ بند کھانے مثلاً سوپ، ٹماٹر کیچ اپ، سلاد وغیرہ بہت غذائیت والے کھانے لگتے ہیں لیکن اصل میں ان میں سوڈیم کی انتہا درجے کی مقدار پائی جاتی ہے لہٰذا جس قدر ہو سکے ان کھانوں سے بچیں۔

ڈائیٹ کھانے

سننے میں یہ کھانے بہت مفید لگتے ہیں کیونکہ یہ عام تاثر ہے کہ ان میں چینی کی بہت ہی کم مقدار پائی جاتی ہے لیکن جدید تحقیق میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ پیٹ میں گیس بنانے میں ڈائیٹ کھانوں کا بہت ہی زیادہ کردار ہے جس کی وجہ ان کا دیر سے ہضم ہونا ہے کیونکہ معدہ انہیں غذا نہیں سمجھتا اور بہتر ہضم نہیں کر پاتا جس سے گیس پیدا ہوتی ہے۔

لوبیا

لوبیا پروٹین سے بھرپور ہوتا ہے اور اکثر کھانوں میں ہم اس کا بھرپور استعمال بھی کرتے ہیں لیکن اس میں کاربوہائیڈریٹس بھی بہت زیادہ مقدار میں موجود ہوتا ہے جس سے یہ دیر سے ہضم ہوتا ہے اور گیس پیدا ہوتی ہے۔

چیونگم یا کینڈیوں کا استعمال

اگر آپ ان اشیاء کا بہت زیادہ استعمال کرنا شروع کر دیں تو آپ کا منہ ہر وقت مصروف رہے گا اور اس سے بھی گیس ہونے کا قوی امکان ہے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ چیونگم کم کر دیں اور زیادہ سے زیادہ پانی کا استعمال کریں کیونکہ یہ گیس کم کرنے میں مدد دے گا۔

سونے سے پہلے کھانا

جب بھی رات کا کھانا کھائیں تو اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ چہل قدمی کریں۔ کھانا کھاتے ہی سونے سے معدے پر بوجھ پڑتا ہے اور گیس پیدا ہوتی ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ کھانا کھا کر چہل قدمی کریں اور پھر سونے کے لئے لیٹا جائے۔

ضروری بات

تمام مواد کا مقصد صرف معلومات فراہم کرنا ہے اور اسے طبی مشورے کے طور پر نہیں لیا جانا چاہئے۔

پھلوں کے مزاج و استعمال

حکیم اثیر الدین نفیس (لاہور)

آلوبخارا

سرد تر۔ قبض کشاء ہے۔ جگر کی گرمی اور خون کے جوش اور گرمی کو دور کرتا ہے۔ اس کے باقاعدہ استعمال سے انسان کے چہرے کی زردی دور ہوجاتی ہے۔ آلو بخارا کھانے کے فوراً بعد دودھ پینا نقصان دہ ہے۔ یرقان کے مریض کے لیے آلو بخارا بہت مفید ہے۔

سیب

گرم تر۔ دماغ کو تقویت دیتا ہے اور روح لطیف کرتا ہے۔ سیب چھلکا اُتار کر کھانا چاہیے کیونکہ اس کا چھلکا دیر سے ہضم ہوتا ہے اور دماغی نظام کے لیے مناسب نہیں۔ کمزور اور دبلے بدن کے لیے سیب بہت لاجواب پھل ہے۔ جسم کو موٹا کرتا اور ہڈیوں کو مضبوط بناتا ہے۔ خشک کھانسی میں میٹھے سیب کھانا بہت مفید ہیں۔

آم

گرم تر۔ دیسی آم کا فائدہ زیادہ ہوتا ہے۔ خون پیدا کرتا ہے اور جگر اور معدے کو تقویت دیتا ہے۔ جن کے معدے، جگر اور مثانے میں گرمی ہو، وہ آم استعمال نہ کریں۔ آم کھانے کے ساتھ کھانا مناسب ہے یا پھر دوپہر کے بعد کھائیں۔ آم کھانے کے بعد دودھ یا دودھ کی لسی پینے سے تازہ خون پیدا ہوتا ہے۔

مالٹا

سرد تر۔ خون کو صاف کرتا ہے۔ جسم اور ہڈیوں اور دانتوں کو تقویت دیتا ہے۔ مالٹا مزاج کی گرمی اور خشکی کو دور کرتا ہے۔ کھانسی، سردرد اور زکام کی حالت میں مالٹے کا استعمال نقصان دہ ہے۔ مالٹے میں وٹامن سی ہوتا ہے جو ہڈیوں اور دانتوں کو مضبوط بناتا ہے۔ مالٹے کے استعمال سے بدہضمی بھی دور ہوتی ہے۔

آڑو

سرد تر۔ خون کی گرمی کو دور کرتا ہے۔ دماغ کو طاقت دیتا ہے اور خون پیدا کرتا ہے۔ کمزور ہاضمہ والوں کے لیے چھلکے سمیت کھانا نقصان دہ ہے۔ جسم میں خون پیدا کرتا ہے۔ جریان اور بواسیر کے مرض کے لیے بہت مفید ہے۔

تربوز

سرد تر۔ جلدی ہضم ہوتا ہے۔ اس کے بیج معدے میں موجود فاضل معدوں کو خارج کرتے ہیں۔ دماغی گرمی کو دور کرتا ہے۔ تربوز کھانے کے بعد پانی پینا مناسب نہیں۔ کھٹا اور گلا ہوا تربوز کھانے سے ہیضہ ہوسکتا ہے۔ سرد مزاج والوں کے لیے تربوز کھانا نقصان دہ ہے۔ تربوز جب بھی کھائیں، ٹھنڈا کھائیں اور خالی پیٹ کھائیں۔ کھانا کھانے سے پہلے تربوز کھانا بہت فائدہ مند ہے۔

خربوزہ

گرم تر۔ گرمی سے بچاتا ہے اور دل و دماغ کو تازگی بخشتا ہے۔ تربوز کھانے سے پہلے کھانا مفید ہے اور خربوزہ کھانے کے بعد کھانا مفید ہے۔ خربوزہ کھانے کے بعد پانی یا دودھ پینے سے ہیضہ ہوجانے کا اندیشہ ہے۔ زیادہ فائدہ حاصل کرنے کے لیے خربوزے کو کاٹے بغیر برف میں رکھ دیں اور مناسب وقت کے بعد کاٹ کر کھائیں۔ کٹا ہوا خربوزہ برف میں رکھ کر کھانا مناسب نہیں۔

خوبانی

سرد تر۔ قبض کشاء ہے۔ معدہ کی سوزش کے لیے مفید ہے۔ سرد مزاج والے کم استعمال کریں۔ خوبانی کا خیساندہ صفراوی بخار اور معدے کی سوزش میں مفید ہے۔

ٹماٹر

سرد تر۔ خون صاف کرتا ہے۔ غذا کو ہضم کرتا ہے۔ امراض جگر اور معدہ کے لیے مفید ہے۔ ٹماٹر کا چھلکا سخت ہوتا ہے، لہٰذا اس کا چھلکا استعمال کرنا مناسب نہیں۔ ٹماٹر صحت کو قائم رکھنے والی غذاؤں کا سرتاج ہے۔ جراثیم سے بچنے کی قوت پیدا کرتا ہے۔ کمزوری کو دور کرتا ہے۔

کھیرا

سرد تر۔ خون کی گرمی، آنتوں کی سوجن کو دور کرتا ہے۔ پیاس بجھاتا ہے۔ پتھری اور پیشاب کی جلن کو دور کرتا ہے۔ سرد مزاج والوں کے لیے غیر مفید

ہے۔کھیرے کو نمک لگا کر کھانے کے بعد کھائیں تو اندر کی گرمی کو دور کرتا اور مزاج میں نرمی پیدا کرتا ہے۔جگر کے لیے بہت مفید ہے۔قبض کشاء ہے۔

انناس

سرد تر۔دل کو طاقت دیتا ہے۔موسم گرما میں پیاس کی شدت کو تسکین دیتا ہے۔گرم مزاج والوں کے لیے بہت مفید ہے۔موٹے حضرات کم استعمال کریں کہ اس سے جسم جلد موٹا اور فربہ ہوتا ہے۔جن کو یرقان کی شکایت ہو، وہ اس کا لگا تار استعمال کریں کہ اس کے لگا تار استعمال سے یرقان دور ہوجاتا ہے۔

کیلا

سرد خشک۔کیلے کا گودا ایک اونس نمک لگا کھانا پیچش کے لیے مفید ہے۔کیلا معدے میں بھاری پن پیدا کرتا ہے۔کچا کیلا کھانا مناسب نہیں۔کیلے کے استعمال میں اس کا جوس زیادہ مناسب ہے۔

امرود

گرم تر۔قبض کے لیے مفید ہے۔شہد کے ساتھ ملا کر کھانے سے دل، دماغ اور معدے کو طاقت دیتا ہے۔پھیکے اور سخت امرود کھانے سے قبض ہوتی ہے،لہٰذا امرود نرم کر کے کھانے چاہیں۔امرود کھانے کے بعد قبض کشاء اور خالی پیٹ کھانے سے قابض یعنی قبض کرتا ہے۔

انگور

گرم تر۔انگور کے استعمال سے بال اور آنکھیں چمک دار ہوتی ہیں جلد صحت مند اور نرم رہتی ہے۔گرم مزاج والوں کے لیے زیادہ استعمال نقصان دہ ہے۔انگور کو ٹھنڈا کر کے کھانا زیادہ مناسب ہے۔کم کھائیں کہ زیادہ کھانے سے دست لگ جانے کا اندیشہ ہے۔

کھجور

گرم تر۔دماغ کو طاقت دیتا ہے۔کھجور کا زیادہ استعمال جسم میں گرمی بڑھا دیتا ہے،لہٰذا اس کو کم استعمال کیا جائے۔جنرل کمزوری کے لیے 10 عدد بادام اور 10 کھجور دھو کر کھانا بہت مفید ہے۔

ناشپاتی

سرد خشک۔ناشپاتی دست اور پیچش کے لیے کسی تحفہ سے کم نہیں۔بخار کی حالت میں نقصان دہ ہے۔سرد مزاج والے بوڑھوں اور بلغمی مزاج والے کے لیے مناسب نہیں۔کوشش کرکے میٹھی ناشپاتی کھائیں کہ ترش ناشپاتی دیر ہضم اور قابض ہے۔

انار

سرد تر۔میٹھا انار خون پیدا کرتا ہے اور جگر کی تقویت کے لیے مفید ہے۔قبض کشاء ہونے کے ساتھ ساتھ پیشاب بھی جاری کرتا ہے۔جن کو دست لگے ہوں، اُن کے لیے انار کھانا نقصان دہ ہے۔کابلی انار سب سے اچھا ہے۔جن کو خشک کھانسی ہو،اُن کے لیے انار کھانا بہت اچھا ہے۔انار کھانے سے چہرے میں نکھار آتا ہے اور چہرہ دلکش اور کھلا ہوا نظر آتا ہے۔

جامن

سرد خشک۔قبض کے لیے مفید اور ہاضمہ درست رکھتی ہے۔سخت جامن کا زیادہ استعمال پھیپھڑوں کے لیے نقصان دہ ہے اور اس سے تپ دق ہوجاتا ہے۔جامن جب بھی کھائیں،پکی ہوئی کھائیں اور نمک لگا کر کھائیں۔اس سے اس کا نقصان کم ہوجاتا ہے۔

بیر

سرد خشک۔گرم مزاج والوں کے لیے بہت مفید ہیں۔پیاس بجھاتا ہے۔جن کے معدے، جگر اور مثانے میں گرمی ہو، وہ بیر زیادہ استعمال کریں۔

املی

سرد خشک۔قے اور متلی کو روکنے کے لیے اس کا استعمال مفید ہے۔زیادہ کھانے سے دانت خراب ہونے کا اندیشہ ہے۔املی پانی میں ڈال کر پانی پینے سے دل کی گرمی دور ہوتی ہے۔بے چینی کو دور کرتی ہے۔طبیعت کو فرحت بخش بناتی ہے۔

شہتوت

کچا گرم تر پکا ہو سرد تر۔گرمی، پیاس، پیشاب کی بندش اور لو لگنے سے بچاؤ

رہتا ہے۔ پکا ہوا توت خوش ذائقہ، ٹھنڈا اور گرمی کو دور کرتا ہے۔ کچا توت کھانے سے نقصان کا اندیشہ ہے۔ پکے ہوئے توت ٹھنڈے کر کے کھانے سے دل کو تسکین ہوتی ہے اور مزاج میں نرمی پیدا ہوتی ہے۔

فالسہ

سرد تر۔ پیاس اور گرمی کو دور کرتا ہے۔ قوتِ ہاضمہ کو تیز کرتا ہے۔ بلغم کو خارج کرتا ہے۔ سرد مزاج والوں کے لیے نقصان دہ ہے۔ جن میں خون کی کمی ہو، وہ فالسہ استعمال کریں کیونکہ فالسہ نیا خون کافی مقدار میں پیدا کرتا ہے۔ گرمیوں میں اس کا شربت بہت مفید ہے۔

گنا

گرم تر۔ پیشاب کی بندش اور جلن میں مفید ہے۔ تیز مصالحہ جات اور تلی ہوئی چیزوں سے جو نقائص پیدا ہوتے ہیں، گنے کے استعمال سے وہ دور ہو جاتے ہیں۔ گنے کے استعمال سے جسم کی تھکاوٹ دور ہوتی ہے اور جسم میں چستی آتی ہے۔ مشینوں سے نکالا ہوا گنے کا رس دیر ہضم بھی ہوتا ہے اور نقصان دہ بھی کیونکہ اس میں صفائی نہیں ہوتی۔ گنے کے رس کی بجائے اس کی گنڈریاں کھانا زیادہ مفید ہے۔ اس سے رس بھی تازہ ملتا ہے اور دانت بھی مضبوط ہوتے ہیں۔

پپیتہ

سرد تر۔ دل اور معدے کی سوزش، جگر اور امراض دل کے لیے مفید ہے۔ سرد بلغمی مزاج والوں کے لیے نقصان دہ ہے۔ جن کو دائمی قبض ہو، وہ ہر روز استعمال کریں۔ کم میٹھا ہونے کی وجہ سے شوگر والے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

لیچی

سرد تر۔ یرقان کے مریضوں کے لیے بہت مفید ہے۔ ہاضمہ کو تیز کرتی ہے۔ دماغی کمزوری اور دل کی دھڑکن میں بہت زیادہ مفید ہے۔ لیچی بلغم کو بڑھاتی ہے، اس لیے دمہ کے مریض استعمال نہ کریں۔ اس کے کھانے کے تقریباً 2 گھنٹے بعد پانی پینا چاہیے۔ پہلے پانی پینا نقصان دہ ہو سکتا ہے۔ ہاتھ پاؤں کی جلن میں بھی بہت مفید ہے۔

بقیہ (ص 19): درود شریف کے عملیات

امراضِ دل اور آنکھوں کے امراض کیلئے

دل کی ہر قسم کی بیماریوں کیلئے مندرجہ ذیل درود شریف آزمودہ ہے۔ بعض حضرات کو دل دھڑکنے، دل ڈوبنے، دل تڑپنے، دل بڑھنے اور دل بیٹھنے جیسے کئی قسم کے امراض لاحق ہوتے ہیں۔ ان کو چاہیے کہ یہ درود پاک پانچ سو تیرہ (513) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ امراضِ قلب سے شفاء دے گا، ان شاء اللہ۔

سیدنا "محمد" صلی اللہ علیہ وسلم۔ اسی طرح ہر نماز کے بعد تین (3) بار پڑھے، امراضِ چشم سے نجات ہو، ہمیشہ ورد میں رکھے تو بینائی محفوظ رہے گی۔

آنکھوں میں سرمہ لگاتے وقت اس درود شریف کو پڑھنے سے آنکھیں روشن رہتی ہیں اور تمام بیماریوں سے محفوظ رہتی ہیں۔ مولف "مجلی الاسرار" نے حضرت احمد بن عربی رحمۃ اللہ علیہ کی ایک روایت یوں بیان کی ہے کہ سرمہ لگاتے وقت اس درود پاک کے ورد سے آنکھوں کی تمام بیماریوں کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ انہوں نے لکھا ہے کہ اس درود مکرم کے ساتھ اس دعا کا اضافہ کر لیا جائے تو زیادہ بہتر ہے: اَللّٰھُمَّ بِرَبِّ الْکَعْبَۃِ بَاَیْمَانُوْرِ بَصَرِیْ وَبَصِیْرَتِیْ وَسِرِّیْ وَسَرِیْرِ صبح کی نماز میں سنت اور فرضوں کے درمیان چودہ (14) بار پڑھے۔

سرمہ دانی میں ایک لونگ معہ ٹوپی کے ڈال دیں۔ ایک ماہ کے بعد علیحدہ کر دیں۔ دوسرا لونگ ڈال دیں اور اسی طرح ہر لونگ ہر ماہ بعد تبدیل کرتے رہیں اور وہی سرمہ لگایا کریں۔ نظر کمزور نہیں ہوگی۔ آنکھوں کی تکلیف نہیں رہے گی۔ چشمہ اتر جائے گا۔ ہر لونگ کو سرمہ دانی میں ڈالتے وقت بارہ (12) مرتبہ یہ درود پاک پڑھ کر دم کر دیا کریں۔ پھر نظارہ دیکھیں۔ درود شریف یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَ دَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَائِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَائِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا۔

روحانی علاج گاہ کی روحانی خدمات کی مکمل تفصیل http://darulamal.org/ruhaniilajgah

لنگر برائے ترقی روحانیت

روحانی درسگاہ کے طلباء وطالبات کے لیے

● روحانی اعمال کی مضبوطی کے لئے ● روحانی اعمال کی طاقت کے لئے ● روحانی اعمال میں ترقی کے لئے ● روحانی اعمال میں تیزی کے لئے ● روحانی اعمال کو موثر ترین بنانے کے لئے ہر نوچندی اتوار کو دارالعمل میں خاص لنگر کا عرصہ دراز سے اہتمام کیا جارہا ہے۔ روحانی درسگاہ کے پرانے طلباء وطالبات کے پرزور اصرار پر اور نئے طلباء وطالبات کی خواہش کی تکمیل کو مدنظر رکھتے ہوئے مجلس شوریٰ کی مشاورت کے بعد تمام طلباء وطالبات کے لئے خوشخبری ہے کہ آپ بھی اب اس خاص لنگر میں شامل ہو سکتے ہیں۔

نصف حصہ: 500 روپے — مکمل حصہ: 1000 روپے

دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0343-7772772 · 0322-7772772
darulamal.org · 042-35410586

اس جلد میں آپ کو بے شمار قیمتی مضامین پڑھنے کو ملیں گے۔ چند مضامین درج ذیل ہیں۔

آسیب سے نجات اور حفاظت کے عملیات۔ آسیب کی تسخیر کے اعمال۔ آیات قرآنی برائے دفعیہ اثر جن وآسیب۔ تمام امراض کیلئے تیر بہدف تحفہ۔ سحری بندش اولاد۔ تمام امراض کیلئے تیر بہدف تحفہ۔ اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں لانے والے کلمات۔ جادو اور جنات سے نجات کے مجرب اعمال۔ چہل کاف اور تسخیر کے اعمال۔ سورۃ اخلاص کے خادم کی تین (3) روزہ تسخیر۔ عملیات دشمن۔ دشمنوں کو تباہ وبرباد کرنے اور سزا دینے کا خاص عمل۔ مرد اور عورت دونوں کی سحری جنسی بندش۔ خاندان ولی اللّٰہی کے اعمال۔ البرکات المکیۃ فی الصلوات النبویۃ۔ تسخیر جنات کے اعمال۔ درگاہ پر شفایابی کے چند واقعات۔ موذی امراض سے نجات۔ مجرب اعمال شر۔ شادی و نکاح کے نورانی تعویذات۔ جسمانی امراض کے علاج کیلئے نورانی تعویذات۔

خزینہ روحانیات
0322-4773786 · 042-35410586 · khazinaeruhaniyat
0332-8773786 · khazinaeruhaniyat
darulamal.org/magazines/ruhani · khazinaeruhaniyaat@gmail.com

کوپن برائے مفت روحانی خدمات

ستمبر 2023ء

تاریخ ____________

نام ____________ والد ____________

والدہ ____________ مکمل پتہ ____________

____

موبائل نمبر ____________

Email (اگر ہو) ____________

مطلوبہ علاج ____________

نوٹ: علیحدہ کاغذ پر اپنا مسئلہ تفصیل سے لکھ کر رجسٹرڈ جوابی لفافے کے ساتھ ارسال کریں۔ ایک کوپن میں دو مقصد سے زائد نہ لکھیں۔ کوپن کے بغیر علاج/تعویذات/وظیفہ بھیجنے سے معذرت۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

روحانی علاج گاہ · ruhaniilajgah · 0342-7772772 · 0324-7772772

کوپن برائے بغیر فیس اعمال

ستمبر 2023ء

تاریخ ____________

نام ____________ والد ____________

والدہ ____________ مکمل پتہ ____________

____

موبائل نمبر ____________

Email (اگر ہو) ____________

مطلوبہ اعمال ____________

نوٹ: رجسٹری جوابی خط کے ساتھ شناختی کارڈ کی ایک عدد صاف کاپی ارسال کریں۔ ایک وقت میں دو اعمال کی اجازت لی جاسکتی ہے۔ مزید شرائط وتفصیلات کے لیے ویب سائٹ دیکھیں یا رابطہ فرمائیں۔

روحانی درسگاہ · ruhanidarsgah · 0309-7772775 · 0333-7772775

پیر صوفی غلام سرور شباب قادری صاحب کی مخفی علوم و روحانیہ پر مستند و مجرب کتب

تمام کتب کی عام قیمت: 5685 روپے

تمام کتب کی رعائتی قیمت: 4550 روپے

ایک کتب خریدنے پر 10% ڈسکاؤنٹ

+maktabatulaarif
0332-4487877
+maktabatulaarif
0323-4487877
042-35410586
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com